حامد اقبال صدیقی
جنرل نالج
جیمپ
کوئیز

HIS PUBLICATIONS
202/228 DINATH BUILDING,
3rd FLOOR, ROOM NO. 12,
P.B. MARG, MUMBAI-400004

نام کتاب: جنرل نالج چیمپ کوئز

مؤلف: حامد اقبال صدیقی

اہتمام: زاہدہ صدیقی

اشاعت: دسمبر 2015ء

تعداد اشاعت: 1000

طباعت: اورینٹل پرنٹرس، حسینی لکڑا بازار، بلاسس روڈ ممبئی 400008

مؤلف کا پتہ: Elegant, A-304, Sanghvi Complex
Mira Road (E), Dist. Thane, 401107
Mobile: 9324531355
email: hamidshair@gmail.com

قیمت: 100/- روپے

جنرل نالج چیمپ کوئیز

س: سال کے 365 دنوں میں کتنے گھنٹے ہوتے ہیں؟

ج: 8760 گھنٹے۔

س: شہد کی مکھیاں شہد کے چھتے کا ہر خانہ کس جیومیٹریکل شکل کا بناتی ہیں؟

ج: مسدس HEXAGON شکل کا۔

س: تمام جانداروں میں سب سے بڑی آنکھیں کس کی ہوتی ہیں؟

ج: جائنٹ اِسکوِیڈ کی۔

س: خلا میں جانے والی پہلی خاتون اسپیس ٹورِسٹ کا نام بتائیں؟

ج: انوشہ انصاری۔

س: وہ کون سی دھات ہے جسے ”بے وقوفوں کا سونا“ کہا جاتا ہے؟

ج: پائرائیٹ کو۔

س: 1847ء میں کوکو سے بنا ”چاکلیٹ بار“ کس نے ایجاد کیا؟

ج: جوزف فرائے نے۔

س: ٹیسٹ کرکٹ کھیلنے والے اوّلین بھارتی کھلاڑی کا نام بتائیے؟

ج: مہاراجہ کے ایل رنجیت سنگھ۔

س: اقوامِ متحدہ کا اوّلین سکریٹری جنرل کون تھا؟

ج: ٹرائیگوے لی۔

س: آندھرا پردیش، بہار، جھارکھنڈ، تلنگانہ اور اُتر پردیش کی دوسری سرکاری زبان کون سی ہے؟

ج: اردو۔

س: دنیا کا سب سے زیادہ تیز رفتار سے اڑنے والا پرندہ کون سا ہے؟

ج: پیریگرائن فالکن PEREGRINE FALCON۔

س: فرانس کی کابینہ میں شامل کی جانے والی اوّلین خاتون ایک سائنس داں تھی، بتائیے کون؟
ج: مادام میری کیوُری۔
س: بینٹو مسولینی کس ملک کا رہنما تھا؟
ج: اٹلی کا۔
س: وہ کون سی سمندر نما جھیل ہے جس میں ڈوبنا تقریباً ناممکن ہے؟
ج: بحیرۂ مردار DEAD SEA۔
س: بھارت کے آئین کے مطابق نائب صدرِ جمہوریہ کو کون منتخب کرتا ہے؟
ج: لوک سبھا اور راجیہ سبھا کے اراکین۔
س: اِسرو ISRO کا فُل فارم بتائیں؟
ج: انڈین اسپیس ریسرچ آرگنائزیشن۔
س: ریل RIEL کس ملک کی کرنسی ہے؟
ج: کمبوڈیا کی۔
س: ریئل REAL کس ملک کی کرنسی ہے؟
ج: برازیل کی۔
س: ایران اور سعودی عرب کی کرنسی کیا ہے؟
ج: ریال RIAL۔
س: ایسٹر EASTER کس مذہب کے ماننے والوں کا تہوار ہے؟
ج: عیسائیوں (کرسچن) کا۔
س: کس اسپیس شٹل کے تباہ ہونے سے کلپنا چاولا فوت ہوئی؟
ج: کولمبیا اسپیس شٹل۔
س: ہمارے ناخن کس چیز سے بنتے ہیں؟
ج: کیراٹین سے۔

س: ''ترِی پیٹیکا'' کس مذہب کی مقدس کتاب ہے؟

ج: بُدھ مذہب کی۔

س: BBC کا فُل فارم کیا ہے؟

ج: برٹش براڈ کاسٹنگ کارپوریشن۔

س: پینسل بنانے کی پہلی فیکٹری 1861ء میں قائم ہوئی، بتائیے کہاں؟

ج: نیویارک میں۔

س: وہیل مچھلی کے دل میں کتنے خانے ہوتے ہیں؟

ج: 4 خانے۔

س: برجُو مہاراج، ستارہ دیوی اور گوپی کرشنا کس قسم کے رقص کے لئے مشہور نام ہیں؟

ج: کتھک کے لئے۔

س: دنیا کی سب سے پہلی نیوکلیئر سبمرین (آبدوز) کا نام کیا تھا؟

ج: ناوَٹیلس۔

س: سروس، ایڈوانٹیج، ڈِیُوس، گیم پوئنٹ، لَو اور گرینڈ سلیم کس کھیل کی اصطلاحات ہیں؟

ج: ٹینس کی۔

س: ایک مکعب سینٹی میٹر اِریڈَیم IRIDIUM دھات کا وزن کیا ہوتا ہے؟

ج: 24.4 گرام۔

س: فرانس کی کرنسی کیا ہے؟

ج: یُورو EURO۔

س: ''طلوع ہوتے ہوئے سورج کی سرزمین'' کس ملک کو کہا جاتا ہے؟

ج: جاپان کو۔

س: عام چڑیا (گوریّا) کا دل ایک منٹ میں اوسطاً کتنی بار دھڑکتا ہے؟

ج: تقریباً 500 بار۔

س: آسکر ایوارڈ کے لیے نامزد کی جانے والی اوّلین ہندی فلم کون سی تھی؟

ج: مدر انڈیا۔

س: انسانی جسم کے کس عضو میں انسولین اور گلائکوجن پیدا ہوتی ہے؟

ج: لبلبہ میں۔

س: بھارت کا دارالحکومت پرانی دہلی سے نئی دہلی کب منتقل کیا گیا؟

ج: 13 فروری 1931ء کو۔

س: گھونگا کس رفتار سے چلتا ہے؟

ج: اوسطاً 23 انچ فی گھنٹہ۔

س: ہیلی دُمدار ستارہ کتنے برس بعد نمودار ہوتا ہے؟

ج: ہر 76 برس بعد۔

س: ہمارے ملک کی سیاست میں پہلی خاتون امیدوار کا نام بتائیے جس نے 1926ء میں الیکشن لڑا؟

ج: کمل دیوی چٹوپادھیائے۔

س: خطِ استوا سے قطب جنوبی تک یا خطِ استوا سے قطب شمالی تک کتنے ارض البلد ہوتے ہیں؟

ج: 90۔

س: رومن اعداد میں اگر CM لکھا ہو تو اس کے معنی کیا ہوں گے؟

ج: 900۔

س: ایک صحت مند انسان کا دل ایک منٹ میں اوسطاً کتنی بار دھڑکتا ہے؟

ج: 72 مرتبہ۔

س: ہر سال عالمی یومِ ٹیلی ویژن کس تاریخ کو منایا جاتا ہے؟

ج: 21 نومبر کو۔

س: بھارت میں خلافت تحریک کا آغاز کب ہوا؟

ج: 1920ء میں۔

س: شاہ خالد انٹرنیشنل ایرپورٹ کہاں واقع ہے؟

ج: ریاض (سعودی عرب) میں۔

س: آزاد بھارت کا پہلا ڈاک ٹکٹ کس قیمت کا تھا؟

ج: ساڑھے تین آنے کا۔

س: کون سا کیڑا 1000 فی سیکنڈ کے حساب سے آواز کی لہریں پیدا کرتا ہے؟

ج: مچھر۔

س: صِفر کس نے دریافت کیا؟

ج: آریہ بھٹ نے۔

س: مسلمانوں کی سب سے پہلی یونی ورسٹی کون سی ہے اور کہاں واقع ہے؟

ج: جامعہ الازہر، مصر میں۔

س: 1857ء کی پہلی جنگِ آزادی کے وقت بھارت کا وائسرائے کون تھا؟

ج: لارڈ کیننگ۔

س: بلیرڈس کے اس بھارتی کھلاڑی کا نام بتائیں جو 1958ء میں ورلڈ چیمپئن ہوا؟

ج: ولسن جونس۔

س: بھارت کی سب سے بڑی فلم سٹی کون سی ہے؟

ج: راموجی فلم سٹی (حیدرآباد)۔

س: پاکستان کا شہر کراچی کس سمندر کے کنارے آباد ہے؟

ج: بحیرۂ عرب کے کنارے۔

س: وہ کون سا پرندہ ہے جو بغیر گردن گھمائے پیچھے کی طرف بھی دیکھ سکتا ہے؟

ج: الّو۔

س: تھُمبا راکٹ لاؤنچنگ اسٹیشن کہاں واقع ہے؟

ج: تیرووینتناپورم، کیرالا میں۔

س: ATM کا فُل فارم بتائیں؟

ج: آٹو میٹیڈ ٹیلر مشین۔

س: دنیا کی سب سے پہلی اے ٹی ایم سروس اینفیلڈ ٹاؤن لندن میں کس بینک نے شروع کی تھی؟

س: بارکلیز بینک نے۔

س: بھارت کے بالکل جنوبی آخری حصے کا نام بتائیے؟

ج: اِندرا پوائنٹ۔

س: ''اشگاباد'' کس ملک کا دارالحکومت ہے؟

ج: ترکمانستان کا۔

س: ہر سال دیہاتی خواتین کا بین الاقوامی دن کس تاریخ کو منایا جاتا ہے؟

ج: 15 اکتوبر کو۔

س: ستیش دھون سری ہری کوٹ راکٹ لاؤ نچنگ اسٹیشن کہاں واقع ہے؟

ج: نیلّور ڈسٹرکٹ، آندھرا پردیش میں۔

س: شترمرغ کا اوسط وزن کیا ہوتا ہے؟

ج: تقریباً 104 کلوگرام۔

س: بِل فنگر کی کہانی پر کامک کا مشہور کردار ''بیٹ مین'' BATMAN کس آرٹسٹ نے تخلیق کیا؟

ج: بوب کین BOB KANE نے۔

س: الیکٹرک آئرن (اِستری) کس نے ایجاد کی؟

ج: ایچ ڈبلیو سیلی H W SEELEY نے۔

س: سُپریم کورٹ آف انڈیا کہاں واقع ہے؟

ج: تِلک مارگ، نئی دہلی۔

س: بھارت کے سرکاری کیلینڈر ''ساکا'' کا پانچواں مہینہ کون سا ہے؟

ج: شراون۔

س: بھارت میں سب سے زیادہ مرچ کی پیداوار کس ریاست میں ہوتی ہے؟

ج: آندھرا پردیش میں۔

س: ''مہابھارت'' کس نے لکھی؟

ج: ویدویاس نے۔

س: وہ کون سا شہر ہے جسے ''دی بگ ایپل'' THE BIG APPLE کہا جاتا ہے؟

ج: نیویارک کو۔

س: ایک سیکنڈ کے دس لاکھویں حصے کو کیا کہتے ہیں؟

ج: مائکرو سیکنڈ۔

س: VRS کا فُل فارم کیا ہے؟

ج: والینٹری ریٹائرمینٹ اسکیم۔

س: ''برڈ مین آف انڈیا'' BIRD MAN OF INDIA کس شخصیت کو کہا جاتا ہے؟

ج: ڈاکٹر سالم علی کو۔

س: انسانی کھوپڑی میں کتنی ہڈیاں ہوتی ہیں؟

ج: 22۔

س: 1982ء میں فاکلینڈس کی جنگ کن دو ممالک کے بیچ ہوئی؟

ج: برطانیہ اور ارجنٹینا کے بیچ۔

س: 1761ء میں پانی پت کی تیسری جنگ میں مراٹھا افواج کو کس نے شکست دی؟

ج: احمد شاہ ابدالی نے۔

س: کس ملک کو ''جنوب کا برطانیہ'' کہا جاتا ہے؟

ج: نیوزی لینڈ کو۔

س: سب سے پہلے قدیم اولمپک کھیل کہاں منعقد ہوئے تھے؟

ج: اولمپیا (یونان) میں۔

س: قطب شمالی اور قطب جنوبی پر پہنچنے والے اولین بھارتی کا نام بتائیں؟

ج: اجیت بجاج۔

س: بحیرۂ کیریبئن کو خلیج میکسیکو سے ملانے والی آبنائے کا نام بتائیں؟

ج: یوکاٹن چینل YUCATAN CHANNEL۔

س: وہ آلہ جو دل کی دھڑکنوں کی گرافک تصویر دیتا ہے اسے کیا کہتے ہیں؟

ج: الیکٹرو کارڈیو گراف ECG۔

س: ''مین اینڈ سپر مین'' نامی کتاب کے مصنف کا نام بتائیے؟

ج: جارج برنارڈ شا۔

س: دنیا میں سب سے پہلے نیوکلیئر پاور اسٹیشن کس ملک نے قائم کیا؟

ج: روس نے۔

س: سیاچین گلیشئر کہاں واقع ہے؟

ج: جموں کشمیر میں۔

س: اردو کا سب سے پہلا با قاعدہ اخبار کون سا تھا؟

ج: جام جہاں نما۔

س: نبض دیکھ کر مرض معلوم کرنے کا طریقہ سب سے پہلے کس یونانی حکیم نے رائج کیا؟

ج: جالینوس نے۔

س: بھارت میں فوجی بہادری کا سب سے بڑا ایوارڈ کون سا ہے؟

ج: پرم ویر چکر۔

س: بر اعظم جنوبی امریکہ کتنے ممالک پر مشتمل ہے؟

ج: 12 ممالک۔

س: اولمپک گیمز میں گولڈ میڈل حاصل کرنے والی دنیا کی پہلی خاتون کھلاڑی کا نام بتائیے؟

ج: چارلوٹ کوپر (برطانیہ)۔

س: امر تاشیر گل، منجیت باوا، ایف ایم حسین، بی سی سانیال اور ایس ایچ رضا کس فن کے مشہور نام ہیں؟

ج: فن مصوّری کے۔

س: بھارت کی پہلی بولتی فلم "عالم آرا" کب اور کہاں ریلیز ہوئی؟

ج: 14 مارچ 1931ء کو ممبئی میں۔

س: کمپیوٹر کی اصطلاح میں RAM کا فُل فارم کیا ہے؟

ج: رینڈم ایکسس میموری۔

س: تلسی داس نے جو رامائن لکھی تھی اس کا نام کیا تھا؟

ج: رام چرت مانس۔

س: رقبے کے اعتبار سے دنیا کا سب سے بڑا ملک کون سا ہے؟

ج: رُوس۔

س: ڈیورنڈ لائن کن دو ممالک کی سرحدوں کو علیحدہ کرتی ہے؟

ج: افغانستان اور پاکستان۔

س: عُمان کا دارالحکومت مسقط ہے، بتائیے عَمّان کس ملک کا دارالحکومت ہے؟

ج: جورڈن (اردن) کا۔

س: تھائی لینڈ کی کرنسی کیا ہے؟

ج: باہت BAHT۔

س: "ویک اپ اِنڈیا" WAKE UP INDIA نامی کتاب کی مصنفہ کا نام بتائیں؟

ج: اینی بیسنٹ۔

س: ایسوسی ایٹیڈ پریس AP کس ملک کی نیوز ایجنسی ہے؟

ج: یو ایس اے (امریکہ) کی۔

س: نیشنل گیلری آف ماڈرن آرٹ کہاں واقع ہے؟

ج: نئی دہلی میں۔

س: چھوٹے بچوں کا محبوب ترین کھلونا ٹیڈی بیئر TEDDY BEAR کس نے ایجاد کیا؟

ج: رچرڈ اسٹیف نے۔

س: ہر سال ورلڈ میریج ڈے (عالمی یومِ عقد) کس دن منایا جاتا ہے؟

ج: فروری کے دوسرے اتوار کو۔

س: بھارتی حکومت کا سب سے بڑا قانونی مشیر کون ہوتا ہے؟

ج: اٹارنی جنرل۔

س: بھارت میں طیاروں اور ہوابازی کو متعارف کروانے کا سہرا کس کے سر جاتا ہے؟

ج: جہانگیر رتن جی دادابھائی ٹاٹا۔

س: بھارت نے پہلی بار کرکٹ ورلڈ کپ کس سن میں جیتا؟

ج: 1983ء میں۔

س: پہلی بار ورلڈ کپ کرکٹ جیتنے والی بھارتی ٹیم کا کپتان کون تھا؟

ج: کپل دیو۔

س: بھارت کے پہلے صدرِ جمہوریہ کا نام بتائیں؟

ج: ڈاکٹر راجندر پرساد۔

س: عالمی یومِ خوراک (ورلڈ فوڈ ڈے) کس دن منایا جاتا ہے؟

ج: 16 اکتوبر کو۔

س: برِّ اعظم شمالی امریکہ کی سب سے بلند پہاڑی چوٹی کون سی ہے اور کہاں واقع ہے؟

ج: ماؤنٹ میک کینلی (الاسکا، یو ایس اے)۔

س: سائلینٹ ویلی نیشنل پارک کہاں واقع ہے؟

ج: پلاکّڈ ڈسٹرکٹ، کیرالا میں۔

س: بھارت کی کسی بھی ریاست کے گورنر کو کون نامزد کرتا ہے؟

ج: صدرِ جمہوریہ۔

س: ہر سال ''ورلڈ کمپیوٹر لٹریسی ڈے'' کس تاریخ کو منایا جاتا ہے؟

ج: 2 دسمبر کو۔

س: کس وزیرِ اعظم نے پارلیمنٹ کے ایک بھی اجلاس میں شرکت کئے بغیر استعفیٰ دے دیا تھا؟

ج: چودھری چرن سنگھ نے۔

س: آزادی کے بعد بھارت میں پہلے عام انتخابات کب ہوئے؟

ج: 1951-52ء میں۔

س: مالگڈی ڈیز MALGUDI DAYS نامی کتاب کے مصنف کا نام بتائیں؟

ج: آر کے نارائین۔

س: بھارت میں بننے والی پہلی ٹیکنی کلر فلم کون سی تھی؟

ج: جھانسی کی رانی۔

س: بھارت میں بننے والی اوّلین خاموش فیچر فلم ''راجہ ہریش چندر'' کا فلمساز اور ہدایت کار کون تھا؟

ج: ڈھونڈو راج گووند پھالکے۔

س: مغلیہ خاندان کا دوسرا بادشاہ کون تھا؟

ج: نصیر الدین محمد ہمایوں۔

س: آبادی کے لحاظ سے دنیا کا سب سے بڑا ملک کون سا ہے؟

ج: چین۔

س: بھارت کی اوّلین خاتون آئی پی ایس افسر کا نام بتائیے؟

ج: کِرن بیدی۔

س: آستانہ کس ملک کا دارالحکومت ہے؟

ج: کزاخستان کا۔

س: ایم ایل اے MLA کا فُل فارم بتائیے؟

ج: ممبر آف لیجس لیٹیو اسمبلی۔

س: جان کوؤم اور برائن ایکٹن نے اسمارٹ فون کا کون سامقبول میسیج ایپ تخلیق کیا؟

ج: وہاٹس ایپ۔

س: عالمی یوم کتاب (ورلڈ بک ڈے) کس دن منایا جاتا ہے؟

ج: 23 اپریل کو۔

س: خلاء میں جانے والی دنیا کی پہلی خاتون کا نام بتائیے؟

ج: ویلنٹینا تیریشکووا۔

س: ہومیوپیتھی کا بانی کون تھا؟

ج: کرسٹیان فریڈرچ سموئل ہاہنی مین۔

س: پودوں کا کون ساحصہ تنفس کا عمل انجام دیتا ہے؟

ج: پتے۔

س: ابراہیم روضہ، آثار محل اور گگن محل کرناٹک کے کس شہر میں واقع ہیں؟

ج: بیجاپور میں۔

س: عالمی یوم قہقہہ (ورلڈ لافٹر ڈے) کس دن منایا جاتا ہے؟

ج: مئی کے پہلے اتوار کو۔

س: بھارت کا انٹرنیٹ کنٹری کوڈ کیا ہے؟

ج: آئی این IN۔

س: روشنی کی رفتار کی سب سے پہلی پیمائش کس سائنداں نے کی؟

ج: اولے رومر نے۔

س: 1877ء میں صرف 21 سال کی عمر میں فوت ہوجانے والی انگریزی کی بھارتی شاعرہ کون تھی؟

ج: تورودت۔

س: برّاعظم یورپ میں واقع ملک لکژمبرگ کن تین ممالک کے وسط میں ہے؟

ج: جرمنی، فرانس اور بیلجئم کے۔

س: الیکٹرانک مصنوعات بنانے والی مشہور کمپنی "سیم سنگ" کے صدر دفاتر کس ملک میں واقع ہیں

ج: جنوبی کوریا میں۔

س: جھارکھنڈ کا کون سا علاقہ ابرق کی کانوں کے لئے مشہور ہے؟

ج: کوڈرما۔

س: بھارت کی پہلی خاتون فلمساز اور ہدایتکار کا نام بتائیں جس نے 1926ء میں فلم "بلبلِ پرستان" بنائی؟

ج: فاطمہ بیگم۔

س: پنجابی کی مشہور ادیبہ امریتا پریتم کی خودنوشت سوانح کا نام بتائیے؟

ج: رسیدی ٹکٹ۔

س: دریائے گنگا بھارت سے ہو کر کس ملک تک جاتا ہے؟

ج: بنگلہ دیش تک۔

س: ریاست ممبئی کو تقسیم کر کے مہاراشٹر اور گجرات میں ضم کیا گیا، بتائیے کب؟

ج: یکم مئی 1960ء کو۔

س: مشہور ترین کردار "جیمس بانڈ" کس نے تخلیق کیا؟

ج: ایان فلیمنگ نے۔

س: بھارت کے ان دو سابق صدرِ جمہوریہ کا نام بتائیے جو تعلیمی خدمات کے لئے مشہور تھے؟

ج: ڈاکٹر رادھا کرشنن اور ڈاکٹر ذاکر حسین۔

س: جب چیونٹی کاٹتی ہے تو ہمارے جسم میں کیا انجیکٹ کرتی ہے؟

ج: فورمک ایسڈ۔

س: وہ کون سا پرندہ ہے جو بغیر مڑے پیچھے کی طرف پرواز کرسکتا ہے؟

ج: ہمنگ برڈ۔

س: ٹنڈرا کے خطوں کا اہم ترین جانور کون سا ہے؟

ج: رینڈ ئیر۔

س: بھارت میں ریڈیو نشریات کے لیے ایف ایم سروس کا آغاز کب اور کہاں ہوا؟

ج: 23 جولائی 1977ء کو مدراس (چینائی) میں۔

س: امر، سنجیونی اور گامنی کس بھارتی کھیل کی قسمیں ہیں؟

ج: کبڈی کی۔

س: 1930ء میں کس رہنما نے انگریزوں کے خلاف خدائی خدمتگار یا سرخ قمیص تحریک چلائی تھی؟

ج: خان عبدالغفار خان نے۔

س: برِ اعظم یورپ کا کون سا دریا 9 ممالک سے گزرتا ہے؟

ج: دریائے ڈینیوب۔

س: پارلیمینٹ کے دونوں ایوانوں کے مشترکہ اجلاس کی صدارت کون کرتا ہے؟

ج: صدرِ جمہوریہ۔

س: گھڑی کی دونوں سوئیاں ایک دن میں کتنی بار 90 درجہ کا زاویہ یعنی زاویہ قائمہ بناتی ہیں؟

ج: 44 بار۔

س: کس بھارتی سیاستداں کو ”لوک نائک“ کہا جاتا ہے؟

ج: جے پرکاش نارائن کو۔

س: الیکژانڈر پوشکن کس زبان کا عظیم ترین شاعر تھا؟

ج: روسی زبان کا۔

س: شہنشاہ بابر نے 1526ء میں کس حکمراں کو شکست دے کر بھارت میں مغلیہ سلطنت قائم کی؟

ج: ابراہیم لودھی کو۔

س: پاکستان کے ایک سابق صدرِ مملکت ہوائی حادثے میں ہلاک ہوئے تھے، ان کا نام بتائیں؟

ج: جنرل ضیاالحق۔

س: بھارت کی آزادی کے وقت برطانیہ کا وزیرِ اعظم کون تھا؟

ج: کلیمنٹ ایٹلی۔

س: سب سے پہلا کمپیوٹر ہارڈ ڈسک ڈرائیو کس کمپنی نے متعارف کیا؟

ج: آئی بی ایم نے۔

س: صدرِ جمہوریہ کو کتنے سال کے لئے نامزد کیا جاتا ہے؟

ج: 5 سال کے لئے۔

س: درد سے آرام کی خاطر استعمال کی جانے والی دوا ''ایسپرین'' کا کیمیائی نام بتائیے؟

ج: ایسیٹائل سیلیسائلک ایسڈ۔

س: انسانی جسم کے وہ کون سے دو اعضا ہیں جو کبھی آرام نہیں کرتے؟

ج: دل اور گردہ۔

س: ہیروشیما اور ناگاساکی پر امریکی بمباری کے وقت امریکہ کا صدر کون تھا؟

ج: ہیری ایس ٹرومین۔

س: ''ہمایوں نامہ'' شہنشاہ بابر کی بیٹی نے لکھا، بتائیں کس نے؟

ج: گلبدن بیگم نے۔

س: آریہ قوم کس خطے سے ہجرت کر کے بھارت آئی تھی؟

ج: وسط ایشیا سے۔

س: سائنسدانوں نے چاند کی سطح پر کس قیمتی دھات کے ذخائر دریافت کئے؟

ج: ٹائٹانیم TITANIUM کے۔

س: قدیم تہذیب کا مرکز ''بابل'' کس دریا کے کنارے آباد تھا؟

ج: دریائے فرات کے کنارے۔

س: دنیا کی سب سے پہلی خاتون صدرِ مملکت کا نام بتائیں؟

ج: اسٹیلا ازابیل مارٹینیز ڈی پیرون (ارجنٹینا)۔

س: 1187ء میں کس کی قیادت میں مسلمانوں نے بیت المقدس کو عیسائیوں سے آزاد کروایا؟

ج: سلطان صلاح الدین ایوبی کی۔

س: بھارتی بحریہ میں شامل ہونے والا سب سے پہلا طیارہ بردار بحری جہاز کون سا تھا؟

ج: آئی این ایس وکرانت۔

س: ''مدوجزرِ اسلام'' اردو کے کس شاعر کی مشہور نظم ہے؟

ج: الطاف حسین حالی کی۔

س: انسانی جسم میں خون تین قسم کی نالیوں کے ذریعے دورہ کرتا ہے ان کے نام بتائیے؟

ج: شریان، ورید، عروقِ شعریہ۔

س: آبدوز میں پانی کی سطح سے اوپر دیکھنے کے لئے کون سا آلہ استعمال کیا جاتا ہے؟

ج: پیریسکوپ PERISCOPE۔

س: بلیو وہیل مچھلی کا اوسط وزن کیا ہوتا ہے؟

ج: تقریباً 170 ٹن۔

س: آکسیجن کس نے دریافت کی؟

ج: جوزف پریسٹلی (انگلینڈ) نے۔

س: تاریخِ اسلام کی سب سے پہلی مسجد کون سی ہے؟

ج: مسجدِ قُبا۔

س: والٹ ڈزنی کا قائم کردہ ڈزنی لینڈ پارک کہاں واقع ہے؟

ج: کیلی فورنیا (یو ایس اے) میں۔

س: روس کا دار الحکومت ماسکو کس دریا کے کنارے آباد ہے؟

ج: دریائے ماسکووا۔

س: مدر ٹریسا کو کس سال نوبیل پرائز دیا گیا؟

ج: 1979ء میں۔

س: امرتسر کس مذہب کے ماننے والوں کا مقدس شہر ہے؟

ج: سکھ مذہب۔

س: کمپیوٹر کے لیے ماؤس کس نے ایجاد کیا؟

ج: ڈگلاس اینجیل برڈ نے۔

س: ایران کا آخری بادشاہ کون تھا؟

ج: رضا شاہ پہلوی۔

س: کس شہر کو ''ایمپائر سٹی'' کہا جاتا ہے؟

ج: نیویارک (یو ایس اے) کو۔

س: مشہور سیاح ابن بطوطہ جب بھارت آیا اس وقت یہاں کس بادشاہ کی حکومت تھی؟

ج: محمد تغلق کی۔

س: ریزرو بینک آف انڈیا کا سب سے پہلا گورنر کون تھا؟

ج: اوسبورن اسمتھ۔

س: اقوامِ متحدہ کی جنرل اسمبلی، کی پہلی خاتون صدر کون تھی؟

ج: وجے لکشمی پنڈت۔

س: 1945ء میں جاپان کے شہر ہیروشیما پر امریکہ نے جو بم گرایا تھا اس کا نام کیا تھا؟

ج: لٹل بوائے۔

س: ایک اوسط انسانی دماغ میں تانبے کی مقدار کتنی ہوتی ہے؟

ج: 6 ملی گرام۔

س: وہ کون سا پودہ ہے جس میں جڑیں، تنہ اور پتے نہیں ہوتے؟

ج: مشروم (کُکرمتّا)۔

س: خلافت تحریک کے بانی کون تھے؟

ج: مولانا محمد علی جوہر اور مولانا شوکت علی۔

س: جب بھارت میں دو پہر کے 12 بجے ہوں اس وقت کولمبو (سری لنکا) میں کیا وقت ہوگا؟

ج: 12 بجے دوپہر۔

س: ڈنمارک، فن لینڈ، آئس لینڈ، ناروے اور سویڈن ممالک پر مشتمل جغرافیائی خطّے کو کیا کہتے ہیں؟

ج: اِسکینڈے نیویا۔

س: دہلی سلطنت کی پہلی خاتون حکمراں کا نام بتائیں؟

ج: رضیہ سلطان۔

س: بھارت کی کون سی ریاست چائے کے باغات کے لیے مشہور ہے؟

ج: آسام۔

س: واٹرلُو کی جنگ نپولین کے زوال کا سبب بنی، بتائیے واٹرلُو کس ملک میں واقع ہے؟

ج: بیلجیئم میں۔

س: ایک کلومیٹر کتنے میل کے مساوی ہوتا ہے؟

ج: 0.62 میل۔

س: اسنوکر کھیل کے آغاز میں ٹیبل پر کتنی گیندیں ہوتی ہیں؟

ج: 22۔

س: مہاراشٹر کا کون سا ضلع ہاپوس (الفانسو) آم کی پیداوار کے لیے مشہور ہے؟

ج: رتناگیری،

س: بھارت کی کس نوابی ریاست پر 107 برس تک عورتوں نے حکومت کی؟

ج: ریاست بھوپال۔

س: پاگل کتّے کے کاٹنے سے پیدا ہونے والی بیماری کا علاج کس سائنس داں نے دریافت کیا؟

ج: لوئیس پاسچر نے۔

س: فارسی زبان کے پہلے صاحبِ دیوان شاعر کا نام بتائیے؟

ج: ابوالحسن رُودکی۔

س: قومی شاہراہ (نیشنل ہائی وے) نمبر 3 کن دو شہروں کو جوڑتی ہے؟

ج: ممبئی اور آگرہ کو۔

س: فٹبال کا سب سے پہلا ورلڈ کپ کس ملک نے جیتا تھا؟

ج: یوراگوے نے۔

س: امریکا کا پہلا خلائی اسٹیشن اسکائے لیب کس سن میں تباہ ہو کر بحرِ ہند میں آ گرا تھا؟

ج: 1979ء میں۔

س: فارس یا پرشیا کس ملک کا قدیم نام تھا؟

ج: ایران کا۔

س: آزاد بھارت کے پہلے وزیرِ تعلیم کا نام بتائیں؟

ج: مولانا ابوالکلام آزاد۔

س: ہرلی مشین کمپنی (یو ایس اے) کے لیے پہلی الیکٹرک واشنگ مشین کس نے ایجاد کی؟

ج: الوا جے فشر نے۔

س: دنیا کے دوسرے خلائی سیاح کا نام بتائیے؟

ج: مارک شٹل ورتھ۔

س: ایک سینٹی میٹر کتنے انچ کے مساوی ہوتا ہے؟

ج: 0.3937انچ۔

س: ایک انچ کتنے سینٹی میٹر کے مساوی ہوتا ہے؟

ج: 2.54 سینٹی میٹر۔

س: بھارت کی پہلی الیکٹرک سے چلنے والی ٹرین کب شروع ہوئی؟

ج: 3 فروری 1925ء کو۔

س: بھارت کی پہلی الیکٹرک سے چلنے والی ٹرین ممبئی کے کن دو اسٹیشنوں کے درمیان چلی؟

ج: وکٹوریہ ٹرمینس اور کُرلا کے درمیان۔

س: اردو زبان کے حروفِ تہجی میں فارسی زبان کے خاص حروف کون سے ہیں؟

ج: پ گ ژ۔

س: ایک میل کتنے کلو میٹر کے مُساوی ہوتا ہے؟

ج: 1.60934 کلو میٹر۔

س: جاپان کے ہونشو جزیرے میں دنیا کی سب سے خوبصورت آتش فشاں پہاڑی چوٹی کا نام بتائیے؟

ج: فُوجی یاما۔

س: کس امریکی شہر کو ''سٹی آف دی گولڈن گیٹ'' کہا جاتا ہے؟

ج: سان فرانسسکو۔

س: ٹیسٹ کرکٹ میچ میں سب سے پہلی ٹرپّل سینچری کس کھلاڑی نے بنائی؟

ج: والٹر ہیمنڈ (انگلینڈ) نے۔

س: کون سا کیڑا کاغذ سے اپنا گھونسلہ بناتا ہے؟

ج: ہورنیسٹ HORNEST۔

س: جدید اولمپک گیمز کی منصوبہ بندی کس نے کی؟

ج: پیئیر ڈی کاوَبرٹن نے۔

س: ہمارے ملک کا سب سے بڑا قومی ایوارڈ کون سا ہے؟

ج: بھارت رتن۔

س: اسٹیچیو آف لبرٹی (مجسمۂ آزادی) کا معمار کون تھا؟

ج: فریڈرِک آگسٹے بارتھولڈی۔

س: ''پلے گراؤنڈ آف یورپ'' کس ملک کو کہا جاتا ہے؟

ج: سوئٹزرلینڈ کو۔

س: انسان کے چہرے میں کتنی ہڈیاں ہوتی ہیں؟

ج: چودہ (14)۔

س: پولیس مجمع کو منتشر کرنے کے لئے آنسو گیس استعمال کرتی ہے، وہ دراصل کون سی گیس ہوتی ہے؟

ج: امونیا۔

س: کس بادشاہ نے اپنا دارالحکومت دہلی سے دیوگیری (دولت آباد) منتقل کیا تھا؟

ج: محمد بن تغلق نے۔

س: مدر ٹریسا کا اصل وطن کون سا تھا؟

ج: البانیہ۔

س: جاپان کی پارلیمینٹ کا نام بتائیں؟

ج: ڈیٹ (DIET)۔

س: عالمی یومِ ماحولیات یعنی ورلڈ انوائرنمینٹ ڈے ہر سال کس تاریخ کو منایا جاتا ہے؟

ج: 5 جون کو۔

س: جواہر لال نہرو نے لکھنؤ سے کون سا اخبار جاری کیا تھا؟

ج: نیشنل ہیرالڈ۔

س: گورڈن بینیٹ ٹرافی ٹورنامینٹ کس کھیل سے وابستہ ہے؟

ج: موٹر ریسنگ سے۔

س: وہ کون سا ملک ہے جو تین برِاعظموں یعنی ایشیا، افریقہ اور یورپ کے سنگم پر واقع ہے؟

ج: سائپرَس (قبرص)۔

س: برِاعظم افریقہ کی سب سے بڑی جھیل کون سی ہے؟

ج: وکٹوریہ۔

س: سنترہ، لیموں اور ٹماٹر مین کون سا وٹامن زیادہ مقدار میں پایا جاتا ہے؟

ج: وٹامن سی۔

س: لافِنگ گیس یعنی ہنسانے والی گیس کون سی ہے؟

ج: نائٹرس آکسائڈ۔

س: 6 جون 1674 کو شیواجی کی رسمِ تاجپوشی کہاں ہوئی تھی؟

ج: رائے گڑھ میں۔

س: انٹرنیٹ سے وابستہ سب سے مشہور ٹیکنالوجی کمپنی ''گوگل'' کی بنیاد کس نے ڈالی؟

ج: لیری پیج اور سرگی برِن نے۔

س: پشتو کس ملک کی قومی زبان ہے؟

ج: افغانستان کی۔

س: لوگیرتھم LOGARITHEM کس نے ایجاد کئے؟

ج: جان ناپیئر نے۔

س: ہاتھی زیادہ سے زیادہ کس رفتار سے دوڑ سکتا ہے؟

ج: 40 کلومیٹر فی گھنٹہ۔

س: کس دریا کو ''چین کا دُکھ'' CHINA'S SORROW کہا جاتا ہے؟

ج: دریائے ہوانگ ہُو کو۔

س: بحرِ ہند کے سب سے زیادہ گہرائی والے حصے (7125-میٹر) کا نام کیا ہے؟

ج: جاوا ٹرینچ یا سُنڈا ٹرینچ۔

س: بھارت میں سب سے پہلی اے ٹی ایم مشین 1987ء میں کس بینک نے لگائی؟

ج: ایچ ایس بی سی بینک نے۔

س: مطلع، مقطع، قافیہ، ردیف اور بحر کس صنفِ سخن کے اجزائے ترکیبی ہیں؟

ج: غزل کے۔

س: دنیا کی سب سے بڑی جھیل کون سی ہے؟

ج: کیس پیئن سی۔

س: دنیا کی دوسری سب سے بڑی جھیل کون سی ہے؟

ج: لیک سُپیریئر۔

س: ماؤنٹ اولمپس کس ملک میں واقع ہے؟

ج: یونان میں۔

س: وہ کون سا جانور ہے جو اپنی زبان سے اپنے کان کی صفائی کرتا ہے؟

ج: ژراف۔

س: پاور لوم کس نے ایجاد کیا؟

ج: ایڈمنڈ کارٹ رائٹ نے۔

س: نیپیڈاوNAYPYIDAW کس ملک کا دارالسلطنت ہے؟

ج: میانمار کا۔

س: بھارت میں کوہِ ہمالیہ کی بلند ترین چوٹی کنچن جنگا کس ریاست میں ہے؟

ج: سِکم میں۔

س: زمین سے زمین پر مار کرنے والا بھارت کا پہلا میزائل کون سا تھا؟

ج: پرتھوی۔

س: رباعیات کے لیے مشہور فارسی کے اس شاعر کا نام بتائیں جو فلکیات اور علم الحساب کا ماہر بھی تھا؟

ج: عمر خیّام۔

س: بھارت کا سب سے زیادہ آبادی والا شہر کون سا ہے؟

ج: ممبئی۔

س: موٹر گاڑیوں کے دھوئیں سے ہوا میں آلودگی پھیلانے والی زہریلی گیس کون سی ہے؟

ج: کاربن مونو آکسائیڈ۔

س: بھارت کی پہلی خاتون پائلٹ کون تھی؟

ج: کیپٹن دُرگا بنرجی۔

س: اسٹیل کی تیلیوں کے ساتھ کھلنے اور بند ہونے والی چھتری کس نے ایجاد کی؟

ج: سموئل فوکس نے۔

س: کسی ایک سال میں زیادہ سے زیادہ کتنے سورج گہن ممکن ہیں؟

ج: 5۔

س: مکمل سورج گہن یا مکمل چاند گہن زیادہ سے زیادہ کتنے وقفے کا ہوتا ہے؟

ج: 7.5 منٹ کا۔

س: دنیا میں سب سے زیادہ اُون کہاں ہوتا ہے؟

ج: آسٹریلیا میں۔

س: مہاتما بدھ کا اصل نام کیا تھا؟

ج: سدھارتھ۔

س: اگر آپ کو اعداد میں ایک کروڑ لکھنا ہو تو 1 کے آگے کتنے صِفر لگائیں گے؟

ج: 7 صِفر۔

س: دریائے مسی سپی کہاں گرتا ہے؟

ج: خلیجِ میکسیکو میں۔

س: SEBI کا فُل فارم بتائیں؟

ج: سیکیوریٹیز اینڈ ایکسچینج بورڈ آف انڈیا۔

س: جون پور، فیروز آباد اور فتح آباد شہر کس نے بسائے؟

ج: فیروز تغلق نے۔

س: ارجن ایوارڈ حاصل کرنے والی سب سے پہلی خاتون کرکٹ کھلاڑی کون تھی؟

ج: شانتا رنگا سوامی۔

س: برِ اعظم یورپ کا سب سے لمبا دریا کون سا ہے؟

ج: دریائے وولگا۔

س: سچن تینڈولکر نے اپنا پہلا کرکٹ ٹیسٹ میچ کس عمر میں کھیلا؟

ج: 16 سال اور 221 دن۔

س: امریکہ کی سب سے قدیم یونیورسٹی کا نام بتائیں جو 1636ء میں قائم ہوئی؟

ج: ہارورڈ یونیورسٹی۔

س: میر انیس اور مرزا دبیر اردو کی کس صنفِ سخن کے مشہور ترین شاعر ہوئے؟

ج: مرثیے کے۔

س: کس ملک کو جنوب کا برطانیہ کہا جاتا ہے؟

ج: نیوزی لینڈ کو۔

س: 1961ء میں بننے والا دنیا کا سب سے پہلا کمپیوٹر گیم کون سا تھا؟

ج: اسپیس وار SPACEWAR۔

س: دنیا کے سب سے پہلے کمپیوٹر گیم کا پروگرامر کون تھا؟

ج: اِسٹیو رسل۔

س: فاسفورس کا جوہری عدد ATOMIC NUMBER کیا ہے؟

ج: 15۔

س: کس سائنسداں نے 1921ء میں انسولین دریافت کی؟

ج: فریڈرک گرانٹ بینٹنگ نے۔

س: ایک صحت مند انسان کے لیے فطری طور پر پلک جھپکانے کا اوسط وقفہ کیا ہوتا ہے؟

ج: 4 سیکنڈ۔

س: دنیا کی طویل ترین مطبوعہ داستان کون سی ہے؟

ج: طلسمِ ہوش رُبا۔

س: انڈونیشیا کی کرنسی کیا ہے؟

ج: روپیاہ RUPIAH۔

س: کس ملک کے قالین دنیا میں سب سے زیادہ مشہور ہیں؟

ج: ایران کے۔

س: صدرِ جمہوریہ ہند کی رہائش گاہ کا نام بتائیے؟

ج: راشٹرپتی بھون۔

س: کس عضو کو انسانی جسم کی لیباریٹری کہا جاتا ہے؟

ج: جگر کو۔

س: ٹیپو سلطان کے عہدِ اقتدار میں ریاست میسور کا دارالحکومت کیا تھا؟

ج: سری رنگا پٹن۔

س: انٹرنیشنل مانیٹری فنڈ IMF کے صدر دفاتر کہاں واقع ہیں؟

ج: واشنگٹن ڈی سی (امریکہ) میں۔

س: اولمپک گیمز کی مشعل کس قسم کی لکڑی سے بنائی جاتی ہے؟

ج: زیتون کی لکڑی سے۔

س: بابل کے معلّق باغات کس بادشاہ نے تعمیر کروائے؟

ج: بخت نصر نے۔

س: قطبین کے برفانی علاقوں کے باشندوں کو کیا کہا جاتا ہے؟

ج: اسکیمو۔

س: ''داس کیپیٹل'' کس کی تصنیف ہے؟

ج: کارل مارکس کی۔

س: بھارت کے پانچویں صدرِ جمہوریہ کون تھے؟

ج: فخرالدین علی احمد۔

س: ایزاک پٹمین کا نام کس ایجاد کے لیے مشہور ہے؟

ج: انگلش شارٹ ہینڈ۔

س: دودھ میں موجود لیکٹوس دہی جمانے پر تبدیل ہو کر کیا ہو جاتا ہے۔ جس کی وجہ سے دہی کھٹا لگتا ہے؟

ج: لیکٹِک ایسڈ۔

س: نیشنل ٹیکنالوجی ڈے کس دن منایا جاتا ہے؟

ج: 11 مئی کو۔

س: جین مذہب کے بانی وردھمان مہاویر کہاں پیدا ہوئے؟

ج: ویشالی میں۔

س: سیری گرافی کسے کہتے ہیں؟

ج: اسکرین پرنٹنگ کو۔

س: مریضوں کے مصنوعی تنفّس کے لیے جو گیس استعمال کی جاتی ہے وہ کن گیسوں کا مرکب ہوتی ہے؟

ج: آکسیجن اور ہیلیئیم۔

س: نیشنل سائنس ڈے کس سائنسداں کے یومِ پیدائش پر منایا جاتا ہے؟

ج: ڈاکٹر سی وی رمن کے۔

س: بھارت میں مغلیہ سلطنت کا بانی کون تھا؟

ج: ظہیر الدّین محمد بابر۔

س: پاکستان کے پہلے وزیرِ اعظم کا نام کیا تھا؟

ج: لیاقت علی خان۔

س: بھارت میں انگریزی ذریعۂ تعلیم کس نے متعارف کروایا؟

ج: لارڈ ولیم بینٹنک نے۔

س: دنیا کی سب سے بلندی پر واقع جھیل کا نام بتائیں جو جہاز رانی کے لائق ہے؟

ج: لیک ٹیٹیکا کا۔

س: ایشیا کا بری راستہ تلاش کرنے والا اوّلین یورپی کون تھا؟

ج: مارکو پولو۔

س: خلا میں چہل قدمی کرنے والے دنیا کے پہلے انسان کا نام کیا تھا؟

ج: اے اے لیونوف۔

س: بیری بیری کا مرض کس وٹامن کی کمی سے ہوتا ہے؟

ج: وٹامن B۔

س: عیسوی سال کے وہ کون سے تین مہینے ہیں جو ایک ہی دن شروع ہوتے ہیں؟

ج: فروری، مارچ، نومبر۔

س: بھارت کے کس مشہور سائنسداں نے اردو میں یک بابی ڈرامے بھی لکھے؟

ج: شانتی سروپ بھٹنا گرنے۔

س: شب کوری (رتوندھی) NIGHT BLINDNESS کا مرض کس وٹامن کی کمی سے ہوتا ہے؟

ج: وٹامن A۔

س: بین الاقوامی سطح پر کینسر (سرطان) کو کس علامت سے ظاہر کیا جاتا ہے؟

ج: کیکڑا۔

س: نائجیریا کا دارالحکومت ابوجا ہے، بتائیے نائجر کا دارالحکومت کیا ہے؟

ج: نیامی۔

س: بحر الکاہل میں دنیا کے سب سے گہرائی والے حصے کا نام کیا ہے؟

ج: ماریانا ٹرینچ۔

س: بین الاقوامی یوم خواندگی کس دن منایا جاتا ہے؟

ج: 8 ستمبر کو۔

س: ٹیسٹ کرکٹ میں سب سے زیادہ سینچریاں بنانے والے کھلاڑی کا نام بتائیں؟

ج: سچن تینڈولکر۔

س: کبڈی کی ایک ٹیم میں کتنے کھلاڑی ہوتے ہیں؟

ج: 7 کھلاڑی۔

س: شہنشاہ اکبر کا اتالیق کون تھا؟

ج: بیرم خان۔

س: رابندر ناتھ ٹیگور کب فوت ہوئے؟

ج: 7 اگست 1941ء کو۔

س: بھنگڑا کس ریاست کا روایتی رقص ہے؟

ج: پنجاب کا۔

س: چین کی کرنسی کیا ہے؟

ج: رین من بی، یُو وان۔

س: جنوب مشرقی ایشیا میں واقع ملک لاؤس کا دارالحکومت کیا ہے؟

ج: وِینٹیانے۔

س: کس مسلمان طبیب اور طبّی انسائکلو پیڈیا کے خالق کو جدید سرجری کا بانی مانا جاتا ہے؟

ج: ابوالقاسم الزہراوی کو۔

س: 4 جولائی 1997ء کو مرّیخ پر اترنے والے امریکی اسپیس کرافٹ کا نام کیا تھا؟

ج: پاتھ فائنڈر PATH FINDER۔

س: بھارت میں دیسی ساخت کا پہلا ٹائپ رائٹر کس نے بنایا؟

ج: نوروجی پی گودریج نے۔

س: الٹرنیٹنگ کرنٹ کو ڈائرکٹ کرنٹ میں تبدیل کرنے کے لیے کون سا آلہ استعمال کیا جاتا ہے؟

ج: ریکٹیفائر۔

س: کون سا وٹامن پانی میں حل پذیر ہوتا ہے؟

ج: وٹامن E۔

س: مشہور سائنسداں البرٹ آئنسٹائن کس ملک میں پیدا ہوا؟

ج: جرمنی میں

س: چینی سیاح فاہیان کس سن میں بھارت آیا؟

ج: 399ء میں۔

س: بھارت کا کون سا شہر کانچ کی چوڑیاں بنانے کے لیے مشہور ہے؟

ج: فیروز آباد (اتر پردیش)۔

س: بھارت کی کن دو ریاستوں میں جنگلات نہیں ہیں؟

ج: لکشا دویپ اور پڈو چیری میں۔

س: بھارت کی پہلی بولتی فلم 'عالم آرا'' کا فلم ساز کون تھا؟

ج: اردیشر ایرانی۔

س: 1880ء میں قائم ہونے والی دنیا کی سب سے پہلی ٹیلی فون کمپنی کا نام کیا تھا؟

ج: بیل ٹیلی فون کمپنی۔

س: 1963ء میں کس کمپنی نے آڈیو کیسیٹ ایجاد کیا؟

ج: فلپس کمپنی نے۔

س: کون سی گیس چونے کے پانی کو دودھیا کر دیتی ہے؟

ج: کاربن ڈائی آکسائیڈ۔

س: اردو کے کس شاعر کو فلموں میں نغمہ نگاری کے لیے دادا صاحب پھالکے ایوارڈ دیا گیا؟

ج: مجروح سلطان پوری کو۔

س: ہماری زمین کے چاند کا قُطر کیا ہے؟

ج: 3474.8 کلومیٹر۔

س: جرمنی کا کون سا شہر عطر سازی کے لیے مشہور ہے؟

ج: کولون۔

س: یہودیوں کے مقدس نشان اسٹار آف ڈیوِڈ کے کتنے کونے ہوتے ہیں؟

ج: 6۔

س: آزاد جمہوریہ مصر کے پہلے صدر کا نام کیا تھا؟

ج: جمال عبدالناصر۔

س: نیپولین بوناپارٹ جلاوطنی کی حالت میں کہاں فوت ہُوا؟

ج: سینٹ ہیلینا میں۔

س: ایڈالف ہٹلر نے خودکشی کرنے سے ایک روز پہلے کس سے شادی کی تھی؟

ج: ایوابراؤن سے۔

س: بچوں کے لیے دنیا کے سب سے کثیرالاشاعت ناول ''ہیری پوٹر سیریز'' کی مُصنّفہ کا نام بتائیں؟

ج: جے کے رو َولنگ۔

س: مرکز کے زیرِانتظام بھارتی ریاست لکشادویپ کا دارالحکومت کیا ہے؟

ج: کاوارتی۔

س: کون سا دریا گوا کو مہاراشٹر سے الگ کرتا ہے؟

ج: دریائے تیریکھول۔

س: BSNL کا فُل فارم بتائیں؟

ج: بھارت سنچارنگم لمیٹیڈ۔

س: شطرنج کے کھیل کی ابتدا میں بورڈ پر کالے اور سفید پیادوں (پاؤنس) کی تعداد کیا ہوتی ہے؟

ج: 8 کالے اور 8 سفید۔

س: 1886ء میں پیٹرول سے چلنے والی پہلی موٹر کار کس نے ایجاد کی؟

ج: کارل بینز نے۔

س: 25 جولائی 1978ء کو پیدا ہونے والی دنیا کی سب سے پہلی ٹیسٹ ٹیوب بے بی کا نام بتائیے؟

ج: لوئیس جوئے براؤن۔

س: آگرہ کا لال قلعہ کس نے تعمیر کروایا؟

ج: شہنشاہ اکبر نے۔

س: بھارت کی تینوں فوجوں کا سپریم کمانڈر کون ہوتا ہے؟

ج: صدرِ جمہوریہ۔

س: ممبئی کے چھترپتی شیواجی ٹرمینس کا پرانا نام کیا تھا؟

ج: وکٹوریہ ٹرمینس۔

س: دنیا کا سب سے سست رفتار جانور کون سا ہے؟

ج: گھونگا۔

س: ٹیپو سلطان کے والد کا نام بتائیے؟

ج: حیدر علی۔

س: دنیا میں سب سے زیادہ فیچر فلمیں کس ملک میں بنتی ہیں؟

ج: بھارت میں۔

س: دہلی کا لال قلعہ کس نے تعمیر کروایا؟

ج: شاہجہاں نے۔

س: 1783ء میں گرم ہوا سے اڑنے والا غبارہ کس نے ایجاد کیا؟

ج: جوزف اور جیکویس مونٹگولفر برادران نے۔

س: جلیانوالا باغ کا سانحہ کب پیش آیا؟

ج: 13 اپریل 1919ء کو۔

س: اردو کے وہ کون سے حروف ہیں جو عربی اور فارسی حروفِ تہجّی میں نہیں ہیں؟

ج: ٹ، ڈ، ڑ۔

س: کس مچھلی کی آنکھیں اس کے بازوؤں کے کنارے ہوتی ہیں؟

ج: اسٹار فش کی۔

س: کن دو سیاروں کا کوئی چاند نہیں ہے؟

ج: زہرہ اور عطارد۔

س: سب سے زیادہ تیز رفتار مچھلی کون سی ہے؟

ج: ایٹلانٹک سیئل فش۔

س: دنیا کی سب سے پہلی میکانیکل کیلکیولیٹنگ مشین کس نے ایجاد کی؟

ج: بلائز ے پاسکل نے۔

س: وہ کون سا پرندہ ہے جو زمین کو کبھی نہیں چھوتا یعنی ہمیشہ پرواز کرتا رہتا ہے؟

ج: یوروپیئن سوِیفٹ۔

س: بلّی کی اوسط عُمر کیا ہوتی ہے؟

ج: 12 سے 15 سال۔

س: ہائیڈروجن کس نے دریافت کی؟

ج: ہینری کیوینڈِش نے۔

س: جب پہلی جنگِ عظیم شروع ہوئی اس وقت بھارت کا وائسرائے کون تھا؟

ج: چارلس ہارڈنگ۔

س: بھارت کا قدیم ترین بوٹانیکل گارڈن کون سا ہے؟

ج: فرحت بخش بوٹانیکل گارڈن، سہارن پور۔

س: بھارت کی پہلی ٹیسٹ ٹیوب بے بی کہاں پیدا ہوئی؟

ج: کنگ ایڈورڈ میموریل KEM اسپتال ممبئی میں۔

س: کس دھات پر تیزاب کا کوئی اثر نہیں ہوتا؟

ج: پلاٹینیم پر۔

س: سب سے لمبی گردن کس جانور کی ہوتی ہے؟

ج: ژراف کی۔

س: ہر سال انڈین آرمی ڈے (بھارتی یومِ افواج) کس دن منایا جاتا ہے؟

ج: 15 جنوری کو۔

س: پارسی مذہب کا بانی کون تھا؟

ج: زرتشت۔

س: دنیا میں سب سے زیادہ جڑواں بچے کس ملک میں پیدا ہوتے ہیں؟

ج: نائجیریا میں۔

س: خواتین کے ٹیسٹ کرکٹ میچوں میں ڈبل سینچری بنانے والی اوّلین بھارتی کھلاڑی کا نام بتائیں؟

ج: متھالی راج۔

س: سالار جنگ میوزیم کس شہر میں واقع ہے؟

ج: حیدرآباد میں۔

س: روس کی کرنسی کیا ہے؟

ج: رشین روبل۔

س: مصطفیٰ کمال پاشا کس سن میں ترکی کا صدر رہا؟

ج: 1923ء میں۔

س: ایسٹرن (مشرقی) ریلوے کے صدر دفاتر کس شہر میں واقع ہیں؟

ج: کولکتہ میں۔

س: وہ کون سا جانور ہے جو ایک سیکنڈ میں اوسطاً 29 میٹر دوڑ سکتا ہے؟

ج: چیتا۔

س: ساؤتھ ایسٹرن (جنوب مشرقی) ریلوے کے صدر دفاتر کس شہر میں واقع ہیں؟

ج: کولکتہ میں۔

س: مصر کا شہر اسکندریہ کس نے بسایا؟

ج: سکندر اعظم نے۔

س: انٹرنیشنل ریڈ کراس کے دو بانی تھے، ان کے نام بتائیے؟

ج: ہنری ڈونٹ اور گستاو موئنیئر۔

س: ریاست گجرات کا شہر سورت کس دریا کے کنارے آباد ہے؟

ج: دریائے تاپتی (تاپی)۔

س: دنیا کا سب سے بڑا برفی پہاڑ کون سا ہے؟

ج: ہمالیہ۔

س: بادل سرکار، گریش کرناڈ، حبیب تنویر، موہن راکیش اور الیق پدمسی کس شعبے کے مشہور نام ہیں؟

ج: تھیئٹر اور ڈرامے کے۔

س: جب بھارت آزاد ہوا اس وقت گاندھی جی کہاں تھے؟

ج: کولکتہ میں۔

س: دنیا کا سب سے بڑا سمندر کون سا ہے؟

ج: بحرالکاہل۔

س: سات پہاڑوں کا شہر کسے کہا جاتا ہے؟

ج: اٹلی کے دارالحکومت روم کو۔

س: تاج محل کس مغل بادشاہ نے تعمیر کروایا؟

ج: شاہجہاں نے۔

س: سکندر اعظم نے بھارت پر کب حملہ کیا؟

ج: 236 قبل مسیح میں۔

س: ڈاک ٹکٹ جمع کرنا ایک مقبول مشغلہ ہے، بتائیں دنیا میں سب سے پہلے کس نے یہ مشغلہ اختیار کیا؟

ج: رولینڈ ہل (انگلینڈ) نے۔

س: لکھنؤ کا بڑا امام باڑہ کس نے تعمیر کروایا؟

ج: نواب آصف الدولہ نے۔

س: ”اے آر رحمان، دی اسپرٹ آف میوزک“ نامی کتاب کس نے لکھی؟

ج: نسرین مُنّی کبیر نے۔

س: انگریزی کے کس عظیم مصنف کو ”بارڈ آف ایوون“ BARD OF AVON کہا جاتا ہے؟

ج: ولیم شیکسپیئر کو۔

س: لوکمانیہ تلک نے کون سے دو اخبارات جاری کیے تھے؟

ج: کیسری اور مراٹھا۔

س: "اسپائس گارڈن آف انڈیا" SPICE GARDEN OF INDIA کسے کہا جاتا ہے؟

ج: ریاست کیرالا کو۔

س: بھارت کا سب سے بڑا جیل کون سا ہے؟

ج: تِہار سینٹرل جیل، دہلی۔

س: 2001ء میں شروع ہونے والا بھارت کا پہلا پرائیویٹ ایف ایم ریڈیو اسٹیشن کون سا تھا؟

ج: ریڈیو سٹی (بینگلورو)

س: بھارت کی سب سے بڑی لائبریری کون سی ہے؟

ج: سینٹرل لائبریری آف انڈیا، کولکتہ۔

س: نظامِ شمسی کس نے دریافت کیا؟

ج: نکولس کوپرنکس نے۔

س: دنیا کا پہلا خلائی سیاح SPACE TOURIST کون تھا؟

ج: ڈینس ٹیٹو۔

س: "نصف شب کے سورج کی سرزمین" LAND OF MIDNIGHT SUN کسے کہتے ہیں؟

ج: ناروے کو۔

س: بھارت کی سب سے قدیم آئیل ریفائنری کون سی ہے؟

ج: ڈِگبوئی ریفائنری (آسام)۔

س: گیارہویں صدی عیسوی میں الفانسو ششم کو کس نے شکست دے کر اسپین میں اسلامی اقتدار قائم کیا؟

ج: یوسف بن تاشفین نے۔

س: NOC کا فُل فارم کیا ہے؟

ج: نو آبجیکشن سرٹیفکیٹ۔

س: بھارت کے کس شہر کو 1000 مندروں کا شہر کہا جاتا ہے؟

ج: کانچی پورم (تامل ناڈو) کو۔

س: کمپیوٹر کے لیے مائکرو چپس (انٹی گریٹیڈ سرکٹ) کس نے ایجاد کیا؟

ج: جیک ایس کلبائے نے۔

س: یہودیوں کی عبادت گاہ کو کیا کہا جاتا ہے؟

ج: سِنیگاگ۔

س: ماؤنٹ آبو شہر کس کوہستانی سلسلے پر آباد ہے؟

ج: کوہِ اراولی پر۔

س: آگ کا دریا اور کارِ جہاں دراز ہے اردو کی کس ادیبہ کی تصانیف ہیں؟

ج: قرۃ العین حیدر کی۔

س: لیپ اِیر میں فروری کا مہینہ کتنے دنوں کا ہوتا ہے؟

ج: 29 دنوں کا۔

س: مغل شہنشاہ جہانگیر نے اپنی بیوی نور جہاں کے لیے 1619ء کو کشمیر میں کون سا باغ بنوایا تھا؟

ج: شالیمار باغ (سری نگر)۔

س: چراغ تلے، خاکم بدہن اور آبِ گم اردو کے کس ممتاز مزاح نگار کی مشہور تصانیف ہیں؟

ج: مشتاق احمد یوسفی کی۔

س: آریہ سماج کا بانی کون تھا؟

ج: دیانند سرسوتی۔

س: نظام حیدر آباد کی حکومت کو بھارت میں ضم کرنے کے لیے فوجی آپریشن ''پولو'' یا پولیس ایکشن کب ہوا؟

ج: 13 ستمبر 1948ء کو۔

س: کس ملک کے پرچم پر سُرخ، سفید اور سُرخ اُفقی پٹّیاں ہیں؟

ج: آسٹریا کے۔

س: ورنداون گارڈنس کہاں واقع ہیں؟

ج: میسور (کرناٹک) میں۔

س: پیلے، میراڈونا، رونالڈو، لیونل میسی اور زیڈان کس کھیل کے عظیم کھلاڑی ہیں؟

ج: فٹبال کے۔

س: ندی، نالے، تالاب اور چشموں میں پائی جانے والی کائی کو کیا کہتے ہیں؟

ج: اسپائر وگائرا۔

س: انسانی جسم کی تمام شریانوں میں صاف خون دوڑتا ہے، کس عضو کی شریان میں گندہ خون دوڑتا ہے؟

ج: پھیپھڑے کی۔

س: مادّے کی چار حالتیں کون سی ہیں؟

ج: ٹھوس، مائع، گیس اور پلازمہ۔

س: تتلی پرواز کے دوران ایک منٹ میں کتنی مرتبہ اپنے پر جھپکاتی ہے؟

ج: تقریباً 640 مرتبہ۔

س: اونکولوجی ONCOLOGY کسے کہتے ہیں؟

ج: کینسر کی تشخیص اور علاج کو۔

س: کار کی بیٹری میں کون سا ایسڈ استعمال ہوتا ہے؟

ج: سلفیورک ایسڈ۔

س: بونا سیارہ پلوٹو کس نے دریافت کیا؟

ج: کلائیڈ ٹومباؤ نے۔

س: چین کی آزادی کے وقت کمیونسٹ پارٹی آف چائنا کا سربراہ کون تھا؟

ج: ماؤزے تنگ۔

س: 1998ء میں کس ہندنژاد شخصیت کو معاشیات کا نوبیل پرائز دیا گیا؟

ج: ڈاکٹر امرتیہ سین کو۔

س: 1979ء میں فزکس کا نوبیل پرائز حاصل کرنے والے پاکستانی سائنداں کا نام بتائیں؟

ج: ڈاکٹر عبدالسلام۔

س: اولمپک گیمز کے کسی انفرادی کھیل میں گولڈ میڈل حاصل کرنے والے اوّلین بھارتی کا نام بتائیے؟

ج: ابھینو بندرا۔

س: بھارت نے اولمپک گیمز کے ہاکی مقابلوں میں کُل کتنی مرتبہ گولڈ میڈل حاصل کیے؟

ج: آٹھ مرتبہ۔

س: بھارت نے اولمپک گیمز کے ہاکی مقابلوں میں آخری مرتبہ کب گولڈ میڈل حاصل کیا تھا؟

ج: 1980ء میں۔

س: ڈاکٹر سالم علی برڈ سینکچیوری کہاں واقع ہے؟

ج: چوراو، گوا میں۔

س: جنوبی ہند کا سب سے بڑا دریا کون سا ہے؟

ج: دریائے گوداوری۔

س: کس دریا کو دکشن گنگا بھی کہا جاتا ہے؟

ج: دریائے گوداوری کو۔

س: پرنسپیا PRINCIPIA کس سائنسداں کی مشہور تصنیف ہے؟

ج: آئزک نیوٹن کی۔

س: وہ کون سا پرندہ ہے جو اپنے بچّوں کو دودھ پلاتا ہے؟

ج: چمگادڑ۔

س: سیفٹی پن کس نے ایجاد کی؟

ج: والٹر ہنٹ نے۔

س: قوسِ قزح کے بنیادی رنگوں میں نارنگی اور ہرے رنگ کے درمیان کون سا رنگ ہوتا ہے؟

ج: پیلا۔

س: کمپیوٹر کی آئی سی چپس عموماً کس دھات سے بنائی جاتی ہیں؟

ج: سلیکون سے۔

س: فلم اینڈ ٹیلی ویژن انسٹی ٹیوٹ آف انڈیا کہاں واقع ہے؟

ج: پونے (مہاراشٹر) میں۔

س: مائگرین کا مرض انسانی جسم کے کس حصے میں ہوتا ہے؟

ج: سَر میں۔

س: پیڑ پودے دن میں کون سی گیس خارج کرتے ہیں؟

ج: آکسیجن۔

س: انسانی جسم کا کون سا عضو کاجو کی شکل کا ہوتا ہے؟

ج: گردہ۔

س: آواز کا اثر کان میں کتنی دیر تک رہتا ہے؟

ج: 1/10 سیکنڈ تک۔

س: مغل شہنشاہ بابر کے والد کا نام کیا تھا؟

ج: عمر شیخ مرزا۔

س: ممبئی یونیورسٹی (یونیورسٹی آف بومبے) کا بانی کون تھا؟

ج: جان ولسن۔

س: ممبئی یونیورسٹی کا باقاعدہ آغاز کب ہوا؟

ج: 18 جولائی 1857ء کو۔

س: سَبیر بھاٹیہ نے دنیا کی پہلی ویب پر مبنی مفت ای میل سروس کس نام سے شروع کی تھی؟

ج: ہوٹ میل HOTMAIL۔

س: ودیش سنچار نگم لمیٹیڈ VSNL نے بھارت کی پہلی انٹرنیٹ سروس کا کب کیا؟

ج: 14 اگست 1995ء کو۔

س: اوّلین سرمائی (وِنٹر) اولمپک گیمز 1924ء میں منعقد ہوئے، بتائیے کہاں؟

ج: شاموننکس CHAMONIX، فرانس میں۔

س: نیومیٹک ربر ٹائر کس نے ایجاد کیا؟

ج: جان بوئیڈ ڈنلپ نے۔

س: دنیا کا سب سے بلندی سے گرنے والا آبشار کون سا ہے؟

ج: اینجیل آبشار، وینیزویلا۔

س: چمبل، بیتوا اور تونس کس دریا سے نکلنے والی ندیاں ہیں؟

ج: دریائے جمنا۔

س: ٹائگرس ٹیل TIGER'S TALE کس بھارتی کرکٹ کھلاڑی کی خودنوشت ہے؟

ج: منصور علی خان (نواب) پٹودی کی۔

س: پانڈیچیری کا نیا نام کیا ہے؟

ج: پڈوچیری۔

س: فرینچ ایسٹ انڈیا کمپنی نے پانڈیچیری میں کس سن میں اپنے قدم جمائے؟

ج: 1673ء میں۔

س: ''پایولی ایکسپریس''کس بھارتی ایتھلیٹ کو کہا جاتا ہے؟

ج: پی ٹی اوشا کو۔

س: اردو کے کس شاعر کو''فصیح الملک'' کہا جاتا ہے؟

ج: داغ دہلوی کو۔

س: تاریخِ عالم کا سب سے پہلا سائنسداں کسے کہا جاتا ہے؟

ج: ارسطو کو۔

س: یونانی فلسفی افلاطون کا کون سا شاگرد سکندرِ اعظم کا استاد تھا؟

ج: ارسطو۔

س: دنیا کی پہلی موٹر کار ریس فرانس میں ہوئی، بتائیں کب؟

ج: 1894ء کو۔

س: 52 سال اور 165 دن کی عمر میں ٹیسٹ کرکٹ کھیلنے والا کھلاڑی انگلینڈ کا تھا، بتائیں کون؟

ج: ڈبلیو رہوڈس۔

س: انڈین نیشنل کانگریس کا پہلا صدر کون تھا؟

ج: ڈبلیو سی بنرجی۔

س: ہر سال معذوروں کا عالمی دن کس تاریخ کو منایا جاتا ہے؟

ج: 3 دسمبر کو۔

س: اینٹی بایوٹک دوا "اسٹرپٹومائسن" کس نے دریافت کی؟

ج: ایس اے واکس مین نے۔

س: آیا صوفیہ عجائب گھر کہاں واقع ہے؟

ج: استنبول ترکی میں۔

س: جرمنی کی کرنسی کیا ہے؟

ج: یورو۔

س: منگولیا کا دارالحکومت کیا ہے؟

ج: اولن باتور۔

س: سان جوس کس ملک کا دارالحکومت ہے؟

ج: کوسٹاریکا کا۔

س: 11 مارچ 2011ء کو کس ملک میں زلزلے اور سونامی نے بدترین تباہی مچادی تھی؟

ج: جاپان میں۔

س: بھارت کا سب سے بڑا کمرشیل بینک کون سا ہے؟

ج: اسٹیٹ بینک آف انڈیا۔

س: دنیا کی سب سے زیادہ عوامی لائبریریاں کس ملک میں ہیں؟

ج: روس میں۔

س: کمپیوٹر چپس بنانے والی دنیا کی سب سے بڑی کمپنی کون سی ہے؟
ج: اِنٹیل۔
س: ''اسٹار آف ڈیوڈ'' کس مذہب کی علامت ہے؟
ج: یہودیت (جوڈازم) کی۔
س: شری کرشن جی کے یوم پیدائش پر ہندو کون سا تہوار مناتے ہیں؟
ج: جنم اشٹمی۔
س: دنیا کا سب سے پہلا کریڈٹ کارڈ کون سا تھا؟
ج: ڈائنرس کلب کارڈ۔
س: 1907ء میں بھارت کی پہلی جدید آئرن اینڈ اسٹیل کمپنی کس نے قائم کی؟
ج: جمشید جی نسروان جی ٹاٹا نے۔
س: بھارت کے سرکاری کیلنڈر کا نام کیا ہے؟
ج: ساکا کیلنڈر۔
س: بھارت کا سرکاری کیلنڈر عیسوی کیلنڈر کی کس تاریخ سے شروع ہوتا ہے؟
ج: 22 مارچ سے۔
س: سیرۃ النبی ﷺ اور الفاروق ؓ نامی کتابوں کے مصنف کا نام بتائیں؟
ج: شبلی نعمانی۔
س: جیہ لکشمی کپ کس کھیل کا ٹورنامینٹ ہے؟
ج: ٹیبل ٹینس برائے خواتین۔
س: آزاد بھارت کے پہلے عام انتخابات میں انڈین نیشنل کانگریس کا انتخابی نشان کیا تھا؟
ج: بیلوں کی جوڑی۔
س: ریاست گوا کا دارالحکومت پنجم (پنجی) کس دریا کے کنارے آباد ہے؟
ج: دریائے مانڈوی کے۔

س: انجلی بھاگوت، انیسہ سید اور تیجسونی ساونت کس کھیل کی مشہور کھلاڑی ہیں؟

ج: شوٹنگ کی۔

س: دنیا کی سب سے گہری جھیل کون سی ہے؟

ج: بائکل جھیل۔

س: بھارت کے وہ کون سے چیف جسٹس تھے جو نائب صدرِ جمہوریہ بھی ہوئے؟

ج: محمد ہدایت اللہ۔

س: کس انگریز گورنر جنرل نے بھارت میں ستی کی رسم کا خاتمہ کیا؟

ج: لارڈ ولیم بینٹنک نے۔

س: بھارت کی سب سے پہلی اور سب سے وسیع سائنس سٹی کہاں واقع ہے؟

ج: کولکاتہ میں۔

س: 16 نومبر 1909ء کو شروع ہونے والی دنیا کی سب سے پہلی ایرلائنز کا نام بتائیے؟

ج: ڈیلاگ DELAG۔

س: بھارت کا پہلا ایرپورٹ کہاں قائم ہوا؟

ج: جوہو، ممبئی میں۔

س: آگرہ میں قید کی حالت میں کس مغل بادشاہ کا انتقال ہوا؟

ج: شاہ جہاں کا۔

س: دہلی کے کس سلطان کو تجارتی اصلاحات اور سستی منڈیوں کے قیام کے لیے جانا جاتا ہے؟

ج: علاء الدین خلجی کو۔

س: مشہور داستان ''پدماوت'' کا مصنف کون تھا؟

ج: ملک محمد جائسی۔

س: مغل شہنشاہ بابر نے میواڑ کے کس راجپوت راجا کو شکست دی تھی؟

ج: رانا سانگا کو۔

س: رانا سانگا کا اصل نام کیا تھا؟

ج: رانا سنگرام سنگھ۔

س: محمد بن قاسم نے کس حکمراں کو شکست دے کر سندھ پر قبضہ کیا؟

ج: راجا داہر کو۔

س: کھانے کا عام سر کہ کس ایسڈ پر مشتمل ہوتا ہے؟

ج: ایسیٹک ایسڈ پر۔

س: الیکٹرک سے چلنے والی متحرک سیڑھیوں کو کیا کہتے ہیں؟

ج: ایسکیلیٹر ESCALATOR۔

س: ایک صحت مند انسان ایک دن میں اوسطاً کتنی مرتبہ سانس لیتا ہے؟

ج: تقریباً 17000 سے 21000 ہزار مرتبہ۔

س: ایک نومولود بچہ ایک منٹ میں اوسطاً کتنی مرتبہ سانس لیتا ہے؟

ج: تقریباً 30 سے 60 مرتبہ۔

س: مائکل فیراڈے کی الیکٹرو میگنیٹک موٹر کی مدد سے الیکٹریسٹی جنریٹر کس نے ایجاد کیا؟

ج: تھامس الوا ایڈیسن نے۔

س: صحافتی خدمات کے لیے دیا جانے والا دنیا کا سب سے قدیم اور سب سے بڑا ایوارڈ کون سا ہے؟

ج: پُلٹزر PULITZER پرائز۔

س: پانی کی سطح پر سب سے تیز رفتار سے تیرنے والا پرندہ کون سا ہے؟

ج: جینٹو، پینگوئن۔

س: ورلڈ ٹریڈ سینٹر (نیویارک) کے جڑواں ٹاورس کو اغوا شدہ طیاروں کے ذریعے کب تباہ کیا گیا؟

ج: 11 ستمبر 2001ء کو۔

س: RBI کا فُل فارم کیا ہے؟

ج: ریزرو بینک آف انڈیا۔

س: جرائم کی تحقیقات کے لیے "اسکاٹ لینڈ یارڈ" کو عالمی شہرت حاصل ہے، یہ کس شہر کی پولیس کا نام ہے؟

ج: لندن کی۔

س: سپریم کورٹ کی پہلی خاتون جج کا نام بتائیں؟

ج: میراں صاحب فاطمہ بیوی۔

س: بھارت کی کسی ریاست کے ہائی کورٹ کی پہلی خاتون چیف جسٹس کا نام بتائیے؟

ج: لیلا سیٹھ۔

س: بین الاقوامی یومِ شاعری (انٹرنیشنل پوئٹری ڈے) کس تاریخ کو منایا جاتا ہے؟

ج: 21 مارچ کو۔

س: مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کہاں واقع ہے؟

ج: حیدرآباد میں۔

س: لندن سے بار ایٹ لاء (قانون) کی ڈگری حاصل کرنے والے پہلے بھارتی کا نام بتائیے؟

ج: جننیند رموہن ٹیگور۔

س: ٹنڈرا اور آرکٹک خطّوں میں بسنے والے لوگ کس جانور کا گوشت اور دودھ استعمال کرتے ہیں؟

ج: رینڈ ئیر REINDEER کا۔

س: پانچ مرتبہ عالمی باکسنگ چیمپئن شپ کا خطاب حاصل کرنے والی پہلی بھارتی کھلاڑی کا نام بتائیں؟

ج: ایم سی میری کوم۔

س: 27 قبل مسیح میں تخت نشین ہونے والا سلطنتِ روم کا پہلا بادشاہ کون تھا؟

ج: آگسٹس۔

س: دنیا میں سب سے زیادہ لونگ کہاں پیدا ہوتی ہے؟

ج: زنزیبار، تنزانیہ میں۔

س: کون سا علاقہ میکسیکو کی قدیم "مایا" تہذیب کا مرکز تھا؟

ج: یوُ کاٹن۔

س: روز ویلٹ، اسٹالن اور چرچل کے درمیان 1945ء میں تاریخی کانفرنس کہاں منعقد ہوئی تھی؟

ج: یالٹا، یوکرین میں۔

س: لندن کے قریب اس قلعے کا نام بتائیں جہاں 10 برطانوی بادشاہوں کی قبریں ہیں؟

ج: وِنڈسر کاسل WINDSOR CASTLE۔

س: روشنی کتنے میٹر فی سیکنڈ کی رفتار سے سفر کرتی ہے؟

ج: 299,792,458 میٹر۔

س: ایک میگا بائٹ MB کتنے بائٹ BYTE کے مساوی ہوتا ہے؟

ج: 1,048,576 بائٹس۔

س: جوہری وزن کے اعتبار سے سب سے وزنی دھات کون سی ہے؟

ج: یورینیم URANIUM۔

س: حجم کے اعتبار سے سب سے وزنی دھات کون سی ہے؟

ج: اوسمیئم OSMIUM اور اِریڈیئم IRIDIUM۔

س: دنیا کے امیر ترین اشخاص میں سے ایک، بل گیٹس کی کمپیوٹرس بنانے والی کمپنی کا نام بتائیے؟

ج: مائکروسوفٹ MICROSOFT۔

س: امریکی گنتی میں ایک مِلیَن بھارتی گنتی میں کتنی رقم کے مساوی ہوتا ہے؟

ج: دس لاکھ 1,000,000۔

س: دلیپ کمار کو حکومتِ پاکستان نے کس ایوارڈ سے نوازا تھا؟

ج: نشانِ امتیاز۔

س: سابق وزیرِاعظم اندرا گاندھی کو کب قتل کیا گیا؟

ج: 31 اکتوبر 1984ء کو۔

س: بھارت کا سب سے قدیم اخبار کون سا ہے جو آج بھی جاری ہے؟

ج: ممبئی سماچار (گجراتی)۔

س: پرتگالیوں نے گوا پر کب قبضہ کیا؟

ج: 1510ء میں۔

س: پاکستان کا شہر لاہور کس دریا کے کنارے آباد ہے؟

ج: دریائے راوی کے۔

س: برطانیہ کا شہر مانچسٹر کس صنعت کے لیے دنیا بھر میں مشہور ہے؟

ج: سوتی کپڑا ملوں کے لیے۔

س: دہلی کا لال قلعہ کب تعمیر ہوا؟

ج: 1648ء میں۔

س: دہلی کے لال قلعے کا آرکیٹیکٹ کون تھا؟

ج: استاد احمد لاہوری۔

س: بھارت میں پہلی موٹر کار ممبئی کی سڑک پر چلی، بتائیں کب؟

ج: 1898ء میں۔

س: اس پہلے بھارتی کا نام بتائیں جس نے 1902ء میں کار خریدی؟

ج: مہاراجہ آف پٹیالہ۔

س: نظامِ ڈاک میں پن کوڈ کا استعمال کیا جاتا ہے، بتائیں PIN کا فل فارم کیا ہے؟

ج: پوسٹل انڈیکس نمبر۔

س: اسٹیٹ بینک آف انڈیا کا پرانا نام کیا تھا؟

ج: دی امپیریل بینک آف انڈیا۔

س: پاکستان کا پہلا صدرِ مملکت کون تھا؟

ج: اسکندر مرزا۔

س: انسانی جسم کا اوسط درجۂ حرارت کیا ہوتا ہے، فارینہائٹ میں بتائیں؟

ج: 98.6 درجے فارینہائٹ۔

س: ارجن ایوارڈ حاصل کرنے والی سب سے پہلی خاتون کھلاڑی کون تھی؟

ج: اسٹیفی ڈیسوزا اسکویرا۔

س: چین میں صدیوں سے تاؤازم کو مانا جاتا ہے، بتائیں اس مذہب کا بانی کون تھا؟

ج: لاؤزے۔

س: ایک روزہ کرکٹ میچوں میں سب سے پہلے 5000 رن مکمل کرنے والا بھارتی کھلاڑی کون تھا؟

ج: محمد اظہرالدین۔

س: برطانیہ کا قومی پھول کون سا ہے؟

ج: گلاب۔

س: ریٹا فاریہ، ایشوریہ رائے، ڈائنا ہیڈن، یُکتا مکھی اور پریانکا چوپڑا کو کون سا عالمی خطاب حاصل ہے؟

ج: مِس ورلڈ۔

س: ''انڈیا ڈیوائڈیڈ'' نامی کتاب کے مصنف کا نام بتائیں؟

ج: ڈاکٹر راجندر پرساد۔

س: شہنشاہ اکبر کے نورتنوں میں سے ایک مشہورِ زمانہ گویے میاں تان سین کی قبر کہاں واقع ہے؟

ج: گوالیار میں۔

س: ریاست کرناٹک کا کون سا شہر وجیہ نگر سلطنت کا دارالحکومت تھا؟

ج: ہمپی۔

س: اتر پردیش کا کون سا شہر شری کرشن جی کی جائے پیدائش ہے؟

ج: متھُرا۔

س: سیفٹی پن کس نے ایجاد کی؟

ج: والٹر ہنٹ نے۔

س: ہندوؤں کا تہوار کمبھ میلا ہر تین سال بعد بالترتیب کن چار شہروں میں منعقد ہوتا ہے؟

ج: ہری دوار، الہ آباد، ناسک اور اجّین میں۔

س: سدھیر دھر، ماریو مرینڈا، آر کے لکشمن اور کے شنکر پلائی کس فن سے وابستہ مشہور نام ہیں؟

ج: کارٹون آرٹ۔

س: ممبئی کی لائف لائن کہلانے والی بس سروس BEST کا سب سے پہلا بس کنڈکٹر کون تھا؟

ج: فقیر محمد بابا۔

س: بھارت میں پہلی موٹر بس ممبئی میں چلائی گئی، بتائیں کب؟

ج: 15 جولائی 1925ء کو۔

س: اب تک اردو کے صرف چار شاعروں اور ادیبوں کو گیان پیٹھ ایوارڈ دیا گیا۔ ان کے نام بتائیں؟

ج: فراق گورکھپوری، قرۃ العین حیدر، علی سردار جعفری اور اخلاق محمد خان شہریار۔

س: ''آثار الصنادید'' اور ''اسباب بغاوت ہند'' نامی کتابوں کے مصنف کا نام بتایئے؟

ج: سر سید احمد خان۔

س: دہلی میں خاندانِ غلامان کے اولین حکمراں کا نام کیا تھا؟

ج: قطب الدین ایبک۔

س: 1210ء میں لاہور میں کس کھیل کے دوران قطب الدین ایبک کی وفات ہوئی؟

ج: چوگان POLO۔

س: ہوا میں کون سی گیس سب سے زیادہ مقدار میں ہوتی ہے؟

ج: نائٹروجن۔

س: راجستھان کا شہر جے پور کس نے بسایا؟

ج: سوائے جے سنگھ نے۔

س: شہنشاہ اکبر کے دربار کے ممتاز ہندی شاعر کا نام کیا تھا؟

ج: عبدالرحیم خانِ خاناں۔

س: شہنشاہ جہانگیر نے کس فن کی زبردست سرپرستی کی؟

ج: فن مصوری کی۔

س: جنوب وسطی ویتنام میں پائے جانے والے جانور جائنٹ پانڈا کی غذا کیا ہے؟

ج: بانس۔

س: اشوک چکر میں کل کتنی دھاریاں ہوتی ہیں؟

ج: 24۔

س: سلطان محمود غزنوی کے والد کا نام کیا تھا؟

ج: سبکتگین۔

س: شاہ جلال انٹرنیشنل ایئرپورٹ کہاں واقع ہے؟

ج: ڈھاکہ (بنگلہ دیش) میں۔

س: بھارت کا قومی پرندہ کون سا ہے؟

ج: مور۔

س: بھارت کے دریاؤں پر تعمیر شدہ بند (ڈیم) میں بلند ترین بند کون سا ہے؟

ج: ٹہری ڈیم۔

س: ٹہری ڈیم کس دریا پر تعمیر کیا گیا ہے؟

ج: دریائے بھاگیرتھی پر۔

س: بھارت کا دوسرا بلند ترین بند کون سا ہے؟

ج: بھاکڑا ڈیم۔

س: بھاکڑا ڈیم کس دریا پر تعمیر کیا گیا ہے؟

ج: دریائے ستلج پر۔

س: ٹائیٹینک جہاز کب غرقاب ہوا تھا؟

ج: 14-15 اپریل 1912 کو۔

س: سوڈا واٹر میں کون سی گیس استعمال ہوتی ہے؟

ج: کاربن ڈائی آکسائیڈ۔

س: ''بایوٹیک کوئین آف انڈیا'' کس مشہور خاتون کو کہا جاتا ہے؟

ج: کرن مزمُدار شاہ کو۔

س: گاجر میں کون سا وٹامن زیادہ مقدار میں پایا جاتا ہے؟

ج: وٹامن A۔

س: شیواجی کے والد کا نام کیا تھا؟

ج: شاہ جی بھونسلے۔

س: مشہور تعلیمی ادارہ شانتی نکیتن کس نے قائم کیا؟

ج: رابندر ناتھ ٹیگور نے۔

س: بھارت کے کس سابق صدرِ جمہوریہ کے یومِ پیدائش کو ''یومِ اساتذہ'' کے طور پر منایا جاتا ہے؟

ج: ڈاکٹر ایس رادھا کرشنن کے۔

س: گنیز بُک آف ورلڈ ریکارڈز کے مطابق دنیا کا سب سے بلندی پر واقع شہر کون سا ہے؟

ج: وینچوان (چین)۔

س: اٹلی کا دارالحکومت شہر روم کس دریا کے کنارے آباد ہے؟

ج: دریائے ٹائیبر کے کنارے۔

س: بنگلہ دیش کی قومی پارلیمینٹ کا نام کیا ہے؟

ج: جاتیہ سنگسد۔

س: انقلابِ فرانس کا آغاز کب ہوا؟

ج: 1789ء میں۔

س: سکندرِ اعظم نے بھارت میں کس دریا تک پیش قدمی کر لی تھی؟

ج: دریائے بیاس تک۔

س: انسان کے ایک ہاتھ میں کُل کتنی ہڈیاں ہوتی ہیں؟

ج: 27 ہڈیاں۔

س: انسان کے ایک پیر میں کُل کتنی ہڈیاں ہوتی ہیں؟

ج: 26 ہڈیاں۔

س: ہماری آنکھ میں کن غدود کی وجہ سے آنسو آتے ہیں؟

ج: لیکریمال غدود LACRIMAL GLANDS۔

س: انڈے میں موجود سفید حصّہ جو پروٹین پر مشتمل ہوتا ہے اسے کیا کہا جاتا ہے؟

ج: ایلبومن ALBUMIN۔

س: بجلی کا بہاؤ زیادہ برقی دباؤ سے کم برقی دباؤ کی جانب ہوتا ہے، اس فرق کو کیا کہتے ہیں؟

ج: وولٹیج WOLTAGE۔

س: جڑی بوٹیوں وغیرہ کے گاڑھے عرق اور الکحل کے محلول کو ادویات کی زبان میں کیا کہتے ہیں؟

ج: ٹنکچر TINCTURE۔

س: ہمارے جسم میں موجود خون اور آکسیجن کی کُل مقدار کا کتنے فی صد دماغ کے استعمال میں آتا ہے؟

ج: تقریباً 20 فی صد۔

س: ایروڈائنامکس سائنس کے کس شعبے کی شاخ ہے؟

ج: فزکس (طبعیات) کی۔

س: DVD کا فُل فارم بتائیں؟

ج: ڈیجیٹل ورسیٹائل ڈسک DIGITAL VERSATILE DISC۔

س: خلا میں پہنچنے والا پہلا بھارتی کون تھا؟

ج: راکیش شرما۔

س: نیل آرم اسٹرانگ کے ساتھ اپولو 11 میں چاند کا سفر کرنے والے دیگر دو افراد کے نام بتائیں؟

ج: ایڈون (بز) ایلڈرین اور مائکل کولنس۔

س: چاند پر قدم رکھنے والے اوّلین انسان نیل آرم اسٹرانگ نے یہ کارنامہ کس تاریخ کو انجام دیا؟

ج: 20 جولائی 1969ء کو۔

س: سب سے زیادہ قوتِ بصارت والا جاندار کون سا ہے؟

ج: گولڈن ایگل GOLDEN EAGLE۔

س: ڈاکٹر سی وی رمن کو سائنس کے کس موضوع پر تحقیق کے سبب نوبیل انعام دیا گیا تھا؟

ج: انتشارِ نور LIGHT SCATTERING۔

س: گرانڈ ٹرنک روڈ کس بادشاہ نے تعمیر کروایا؟

ج: شیر شاہ سُوری نے۔

س: خُشک برف کسے کہتے ہیں؟

ج: ٹھوس کاربن ڈائی آکسائیڈ کو۔

س: انسانی جسم کی سب سے بڑی اور سب سے مضبوط ہڈی کون سی ہے؟

ج: ران کی ہڈی FEMUR۔

س: بھارت کی سب سے قدیم ٹریڈ یونین کون سی ہے جو 1920ء میں قائم ہوئی؟

ج: آل انڈیا ٹریڈ یونین کانگریس۔

س: 711ء میں کس نے اسپین پر حملہ کیا اور قرطبہ پر اسلامی اقتدار قائم کیا؟

ج: طارق بن زیاد نے۔

س: مغل بادشاہ ہمایوں نے کس سن میں وفات پائی؟

ج: 1556ء میں۔

س: منگولیہ کے کن جنگجوؤں سے مدافعت کے لیے دیوارِ چین بنوائی گئی تھی؟

ج: ہُن خانہ بدوشوں سے۔

س: UGC کا فُل فارم کیا ہے؟

ج: یونیورسٹی گرانٹ کمیشن۔

س: ٹیلی ویژن نشریات سے وابستہ DTH کا فُل فارم بتائیں؟

ج: ڈائرکٹ ٹو ہوم۔

س: ٹھوس اور خوشبو دار لپ اسٹک LIPSTICK کس نے ایجاد کی؟

ج: ابو القاسم الزہراوی نے۔

س: ریاست کیرالا میں واقع جنوبی ہند کی بلند ترین پہاڑی چوٹی کا نام بتایئے؟

ج: اناموڈی۔

س: سینٹرل روڈ ریسرچ انسٹی ٹیوٹ کہاں واقع ہے؟

ج: نئی دہلی میں۔

س: ماؤنٹ ایوریسٹ فتح کرنے والی پہلی بھارتی خاتون کا نام بتایئے؟

ج: بچیندری پال۔

س: بھارت میں قومی ایمرجینسی کا نفاذ کب ہوا؟

ج: 25 جون 1975ء کو۔

س: قومی ایمرجینسی کے نفاذ کے وقت بھارت کے صدرِ جمہوریہ کون تھے؟

ج: فخر الدین علی احمد۔

س: ریزرو ریلوے ٹکٹ میں PNR کی بڑی اہمیت ہے، اس کا فل فارم بتائیں؟

ج: پیسنجر نیم ریکارڈ۔

س: جیو ملکھا سنگھ، جیوتی رندھاوا اور ارجن اتوال کس کھیل کے مشہور کھلاڑی ہیں؟

ج: گولف کے۔

س: پارسی مذہب کے ماننے والے نئے سال کی شروعات کس تہوار سے کرتے ہیں؟

ج: نوروز۔

س: راشٹرپتی بھون میں کُل کتنے کمرے ہیں؟

ج: 340 کمرے۔

س: فوٹوگرافی کا سامان بنانے والی مشہور کمپنی ''کوڈاک'' کا بانی کون تھا؟

ج: جارج ایسٹمین۔

س: ایک کلو گرام کتنے پاؤنڈس کے مساوی ہوتا ہے؟

ج: 2.20462 پاؤنڈس۔

س: ریاست سکم کا دارالحکومت کیا ہے؟

ج: گنگٹوک۔

س: موہن داس کرم چند گاندھی کب پیدا ہوئے؟

ج: 2 اکتوبر 1869ء کو۔

س: گاندھی جی کو کب قتل کیا گیا؟

ج: 30 جنوری 1948ء کو۔

س: دنیا میں سب سے زیادہ چاندی کس ملک سے حاصل ہوتی ہے؟

ج: میکسیکو سے۔

س: کس ملک کا قومی پرچم سفید ہے جس کے درمیان میں سُرخ دائرہ ہے؟

ج: جاپان کا۔

س: دنیا کی سب سے گہری جھیل کہاں واقع ہے؟

ج: سائبیریا (روس) میں۔

س: دشتِ لُوط نامی ریگستان کس ملک میں واقع ہے؟

ج: ایران میں۔

س: ریاست جموں کشمیر کا شہر سری نگر کس دریا کے کنارے آباد ہے؟

ج: دریائے جہلم کے۔

س: بھارت کا قومی ترانہ ''جن گن من'' کس شاعر نے لکھا؟

ج: رابندر ناتھ ٹیگور نے۔

س: اردو کے کس شاعر کو ''خدائے سُخن'' کہا جاتا ہے؟

ج: میر تقی میر کو۔

س: بھارت کے کس شہر کو "اسپیس سٹی" SPACE CITY کہا جاتا ہے؟

ج: بنگلورو کو۔

س: دِسپور کس ریاست کا دارالحکومت ہے؟

ج: آسام کا۔

س: 1187ء میں مصر اور سیریا کے کس حکمراں نے یروشلم اور بیت المقدس فتح کیا؟

ج: سلطان صلاح الدین ایوبی نے۔

س: کس ملک کا پرچم سرخ ہے اور جس کے وسط میں پانچ کونوں والا سبز ستارہ بنا ہوا ہے؟

ج: مراکش MOROCCO کا۔

س: مراکش کا دارالحکومت کیا ہے؟

ج: رباط۔

س: ریاض کس ملک کا دارالحکومت ہے؟

ج: سعودی عرب کا۔

س: کمیونزم (اشتراکیت) کی بنیاد کس نے ڈالی؟

ج: کارل مارکس اور فریڈرک اینجلز نے۔

س: مَرے، ڈارلنگ اور پارُو نامی دریا کس ملک میں ہیں؟

ج: آسٹریلیا میں۔

س: وردھمان مہاویر کہاں پیدا ہوئے؟

ج: ویشالی میں۔

س: چین کا روایتی طریقۂ علاج جس میں سوئیاں استعمال کی جاتی ہیں اسے کیا کہتے ہیں؟

ج: ایکوپنکچر ACUPUNCTURE۔

س: 1510ء میں ریاست گوا پر پرتگالی اقتدار کا بانی کون تھا؟

ج: الفانسو ڈے البوقرق۔

س: مشہور مشروب "روح افزا" کون سی دوا ساز کمپنی بناتی ہے؟

ج: ہمدرد لیباریٹریز۔

س: اذلان شاہ کپ ٹورنامینٹ کس کھیل سے وابستہ ہے؟

ج: ہاکی سے۔

س: سیارہ عطارد سورج کے گرد اپنی ایک گردش کتنے دنوں میں مکمل کرتا ہے؟

ج: تقریباً 88 زمینی دنوں میں۔

س: جب بھارت میں دوپہر کے 12 بجے ہوں اس وقت ٹوکیو، جاپان میں کیا وقت ہوگا؟

ج: سہ پہر 3 بج کر 30 منٹ۔

س: اردو بھارت کی کس ریاست کی سرکاری زبان ہے؟

ج: جموں اور کشمیر کی۔

س: کونکنی بھارت کی کس ریاست کی سرکاری زبان ہے؟

ج: گوا کی۔

س: پیڑ پودے دن کے وقت کون سی گیس خارج کرتے ہیں؟

ج: آکسیجن۔

س: اسلامی اقتدار میں سب سے پہلا سکہ کس نے رائج کیا؟

ج: عبدالملک بن مروان نے۔

س: سیفٹی ریزر کا موجد کون تھا؟

ج: کنگ سی جلیٹ۔

س: ڈل جھیل کہاں واقع ہے؟

ج: سری نگر (کشمیر) میں۔

س: بھارت میں سب سے بڑی نمک کے پانی کی جھیل کون سی ہے؟

ج: سامبھر لیک، راجستھان۔

س: کولکتہ کے مشہور ہاوڑہ برج کا آفیشیل نام کیا ہے؟

ج: رابندر سیتو۔

س: ڈیوک آف ویلنگٹن کی متحدہ افواج اور نیپولین کی فوجوں کے بیچ واٹرلو کی جنگ کب ہوئی تھی؟

ج: 18 جون 1815ء کو۔

س: دنیا کا سب سے پہلا ورلڈ کپ کرکٹ ٹورنامینٹ کب اور کہاں منعقد ہوا تھا؟

ج: جون 1975ء کو انگلینڈ میں۔

س: بھارت کا سب سے پہلا باقاعدہ اخبار کون سا تھا؟

ج: بنگال گزٹ۔

س: اخبار بنگال گزٹ کب اور کس نے جاری کیا؟

ج: 1780ء میں جیمس آگسٹس ہکی نے۔

س: ٹیٹرا کلورو اتھیلین، پرکلورو اتھیلین کا عام استعمال کیا ہے؟

ج: کپڑوں کی ڈرائی کلین۔

س: 24 جنوری 1966ء کو ہوائی حادثے میں فوت ہونے والے بھارتی سائنس داں کا نام بتائیں؟

ج: ہومی جہانگیر بھابھا۔

س: چیچک (اسمال پوکس) کا ٹیکہ کس نے ایجاد کیا؟

ج: ایڈورڈ جینر نے۔

س: ٹیلی ویژن پر رنگین ڈسپلے کے تین بنیادی رنگ کون سے ہوتے ہیں؟

ج: سُرخ، سبز اور نیلا۔

س: کس بھارتی ریاست میں ہر سال روایتی کشتی BOAT ریس ''ونیلم کلی'' منعقد کی جاتی ہے؟

ج: کیرالا میں۔

س: ہر سال یوم اقوام متحدہ U N DAY کس تاریخ کو منایا جاتا ہے؟

ج: 24 اکتوبر کو۔

س: بھارت میں واقع ریگستان کا نام بتائیں؟

ج: تھار۔

س: بنگلہ دیش کی کرنسی کیا ہے؟

ج: ٹاکا۔

س: اسٹیو بکنر،علیم ڈار، بلی باؤڈن، ایلین ٹافیل اور ڈکی برڈ کس شعبے میں مشہور ہوئے؟

ج: کرکٹ امپائرنگ۔

س: انسانی جسم کا کون سا عضو کاجو کی شکل کا ہوتا ہے؟

ج: گردہ۔

س: "سوُوا" کس ملک کا دارالحکومت ہے؟

ج: فجی کا۔

س: راجا اشوک کے باپ کا نام کیا تھا؟

ج: بندوسار۔

س: نیاگرا آبشار دراصل تین آبشاروں پر مشتمل ہے، بتائیں یہ کن دو ممالک کے بیچ سرحد میں بناتا ہے؟

ج: یو ایس اے اور کینیڈا کے بیچ۔

س: اجنتا کے غار مہاراشٹر کے کن دو شہروں سے قریب واقع ہیں؟

ج: جلگاؤں اور اورنگ آباد۔

س: شہنشاہ اکبر نے کون سا نیا مذہب ایجاد کیا تھا؟

ج: دین الٰہی۔

س: 1739ء میں نادر شاہ افشار اپنے حملے میں بھارت سے کون سی دو چیزیں لے گیا تھا؟

ج: تختِ طاؤس اور کوہِ نور ہیرا۔

س: مشہور تاریخی شہر بصرہ کس ملک میں واقع ہے؟

ج: عراق میں۔

س: دنیا میں سب سے زیادہ گنا کن دو ممالک میں پیدا ہوتا ہے؟

ج: برازیل اور بھارت میں۔

س: شہنشاہ اورنگ زیب کا انتقال کب ہوا؟

ج: 3 مارچ 1707ء کو۔

س: شہنشاہ اورنگ زیب کا انتقال کہاں ہوا؟

ج: احمد نگر میں۔

س: ریزرو بینک آف انڈیا کب قائم ہوا؟

ج: یکم اپریل 1935ء کو۔

س: 1857ء کی جنگِ آزادی (غدر) کے وقت بھارت کا گورنر جنرل کون تھا؟

ج: ارل چارلس کیننگ۔

س: بھارت کی کس ریاست کو ''ماہرین نباتات کی جنت'' کہا جاتا ہے؟

ج: اروناچل پردیش کو۔

س: ڈانڈیا راس کس ریاست کا روایتی رقص ہے؟

ج: گجرات کا۔

س: والیٹا کس ملک کا صدر مقام ہے؟

ج: مالٹا کا۔

س: ''چانگی انٹرنیشنل ایرپورٹ'' کہاں واقع ہے؟

ج: سنگاپور میں۔

س: دنیا کی سب سے بڑی (2014ء) آئیل کمپنی کون سی ہے؟

ج: سِنوپیک SINOPEC (چین)۔

س: ''بمان'' کس ملک کی ایرلائنز کمپنی ہے؟

ج: بنگلہ دیش کی۔

س: دنیا کا پہلا جدولی معمہ CROSSWORD PUZZLE کس نے ترتیب دیا؟

ج: ارتھر وائن نے۔

س: سپریم کورٹ آف انڈیا کی شاندار عمارت کا چیف آرکیٹیکٹ کون تھا؟

ج: گنیش بھیکاجی دیو کالیکر۔

س: سپریم کورٹ آف انڈیا کا پہلا اجلاس کب منعقد ہوا؟

ج: 28 جنوری 1950ء کو۔

س: انڈین اسپیس ریسرچ آرگنائزیشن ISRO کا بانی چیئرمین کون تھا؟

ج: ڈاکٹر وکرم سارا بھائی۔

س: IDBI کا فل فارم کیا ہے؟

ج: انڈسٹریل ڈیولپمینٹ بینک آف انڈیا۔

س: کس راجا کے دور میں چینی سیاح ہیون سانگ بھارت آیا؟

ج: ہرش وردھن۔

س: مرکیوری تھرمامیٹر کس نے ایجاد کیا؟

ج: ڈینئل گیبریل فاہرینہائٹ نے۔

س: ''گلستان'' اور ''بوستان'' کس کی تصانیف ہیں؟

ج: شیخ سعدی شیرازی کی۔

س: موریہ سلطنت کا بانی کون تھا؟

ج: چندگپت موریہ۔

س: دلال اسٹریٹ میں واقع ممبئی اسٹاک ایکس چینج کی عمارت کا نام کیا ہے؟

ج: فیروز جیجی بھوئے ٹاورس۔

س: نیشنل اسٹاک ایکس چینج آف انڈیا ممبئی کے کس علاقے میں ہے؟

ج: باندرہ گرلا کمپلیکس میں۔

س: وہ کون سا واحد ملک ہے جہاں چیونگ گم پر پابندی عائد ہے؟

ج: سنگاپور۔

س: فتح پور سیکری شہر کس نے بسایا؟

ج: شہنشاہ اکبر نے۔

س: امریکہ کے پہلے صدر کا نام بتائیں؟

ج: جارج واشنگٹن۔

س: ریاست گوا کا دار الحکومت کیا ہے؟

ج: پنجی۔

س: اوّلین لوک سبھا میں وزیرِ مواصلات کون تھا؟

ج: رفیع احمد قدوائی۔

س: کرسٹوفر کولمبس کے سمندری جہاز کا نام کیا تھا؟

ج: سانٹا ماریا۔

س: دنیا میں سب سے پہلی کامیاب اوپن ہارٹ سرجری کس ڈاکٹر نے کی؟

ج: ڈینیل ہیل ولیمس نے۔

س: ہاکی کا پہلا ورلڈ کپ (1971ء) کس ملک نے جیتا تھا؟

ج: پاکستان نے۔

س: دلیپ کمار کی آخری فلم کا نام بتائیں؟

ج: قلعہ۔

س: دنیا کی سب سے پہلی کامیاب کمرشیل دُخانی کشتی STEAMBOAT کس نے بنائی؟

ج: رابرٹ فلٹن نے۔

س: ہر سال عالمی یومِ آبی وسائل کس دن منایا جاتا ہے؟

ج: 22 مارچ کو۔

س: حشرات الارض میں سب سے کم عرصہ حیات (اوسطاً 24 گھنٹے) کس کیڑے کا ہوتا ہے؟

ج: میفلا ے MAYFLY کا۔

س: چین اور جاپان کے بیچ 1894-95ء میں کس خطے کے سبب جنگ ہوئی تھی؟

ج: کوریا۔

س: 1608ء میں سورت کے ساحل پر پہنچنے والے برٹش ایسٹ انڈیا کمپنی کے پہلے جہاز کا نام کیا تھا؟

ج: ہیکٹر HECTOR۔

س: نواب سراج الدولہ سے قبل بنگال کا نواب کون تھا؟

ج: علی وردی خان۔

س: پنجاب کا شہر امرتسر کس نے بسایا؟

ج: گروُرام داس نے۔

س: دنیا میں سب سے زیادہ انگور کس ملک میں پیدا ہوتا ہے؟

ج: فرانس میں۔

س: 20 ستمبر 1857ء کو میجر ولیم ہڈسن کی برطانوی فوج نے بہادر شاہ ظفر کو کس مقام سے گرفتار کیا تھا؟

ج: ہمایوں کا مقبرہ (دہلی) سے۔

س: ماریشس کا دارالحکومت کیا ہے؟

ج: پورٹ لوئس۔

س: بحرِ ہند کے کس جزیرے میں امریکا کا فوجی اڈہ ہے؟

ج: دیگو گارشیا میں۔

س: تائپے کس ملک کا دارالحکومت ہے؟

ج: تائیوان کا۔

س: ایک صحت مند بالغ انسان کی نبض کی فی منٹ اوسط رفتار کیا ہوتی ہے؟

ج: 60 سے 100 مرتبہ۔

س: بھارتی معیارِ پیمائش کے مطابق ایک تولہ کتنے گرام کے مساوی ہوتا ہے؟

ج: 11.664 گرام۔

س: پولارویئڈ کیمرہ کس نے ایجاد کیا؟

ج: ایڈوین ایچ لینڈ نے۔

س: ریشم کے کیڑے کی خوراک کیا ہے؟

ج: شہتوت کی پتّیاں۔

س: خلا میں بھیجا گیا بھارت کا دوسرا سیٹیلائٹ کون سا تھا؟

ج: بھاسکر1۔

س: کس سیارے کے سب سے زیادہ چاند ہیں؟

ج: مشتری کے۔

س: ہومیوپیتھی طریقۂ علاج کے دوران ڈاکٹر کس دھات کے برتن استعمال کرنے سے منع کرتے ہیں؟

ج: ایلومینیم۔

س: ساتویں صدی عیسوی میں دنیا میں سب سے پہلے کاغذ کے کرنسی نوٹ کس ملک میں رائج ہوئے؟

ج: چین میں۔

س: جمال عبدالناصر کے بعد مصر کا صدر کون ہُوا؟

ج: انورالسادات۔

س: آزادی کے بعد بھارت کا پہلا وزیرِ دفاع کون ہُوا؟

ج: سردار بلدیوسنگھ۔

س: ویسٹرن ریلوے کے صدر دفاتر کس شہر میں ہیں؟

ج: ممبئی میں۔

س: سابق وزیراعظم اندرا گاندھی کی سفارش پر بھارت میں کب ایمرجینسی نافذ ہوئی؟

ج: 25 جون 1975ء کو۔

س: بیر بیورن اسٹیڈیم اور وانکھیڈے اسٹیڈیم کس شہر میں واقع ہیں؟

ج: ممبئی میں۔

س: جنت البقیع قبرستان مدینہ منورہ میں ہے بتائیں جنت المعلیٰ کس شہر میں واقع ہے؟

ج: مکہ مکرمہ میں۔

س: دنیا کا سب سے قدیم شہر کون سا ہے جو تا حال آباد ہے؟

ج: دمشق۔

س: انقلابِ روس کس سن میں ہوا؟

ج: 1917ء میں۔

س: دو مرتبہ بھارت کا کارگزار وزیرِ اعظم کون ہوا؟

ج: گلزاری لال نندا۔

س: چین کا دار الحکومت کیا ہے؟

ج: بیجنگ۔

س: بھارت اور پاکستان کے بیچ 1972ء کو ہوئے شملہ معاہدے پر کن سربراہان نے دستخط کئے تھے؟

ج: اندرا گاندھی اور ذوالفقار علی بھٹو نے۔

س: جلیان والا باغ سانحہ کب ہو؟

ج: 13 اپریل 1919ء کو۔

س: جلیان والا باغ میں سیکڑوں بھارتیوں پر گولیاں برسانے والے برطانوی بریگیڈیر جنرل کا نام کیا تھا؟

ج: ریجینالڈ ڈائر۔

س: سفید ہاتھیوں کی سرزمین کس ملک کو کہا جاتا ہے؟

ج: تھائی لینڈ کو۔

س: سورج کی روشنی کو ہماری زمین تک پہنچنے میں کتنا وقت لگتا ہے؟

ج: تقریباً 8 منٹ۔

س: بھوپال گیس حادثہ کب ہوا تھا؟

ج: 2 اور 3 دسمبر 1984 کو۔

س: GPO کا فل فارم بتائیں؟

ج: جنرل پوسٹ آفس۔

س: کس شخصیت کو میزائل مین آف انڈیا کے نام سے یاد کیا جاتا ہے؟

ج: ڈاکٹر اے پی جے عبدالکلام کو۔

س: پاورلوم کس نے ایجاد کیا؟

ج: ایڈمنڈ کارٹ رائٹ نے۔

س: دنیا میں سب سے زیادہ موٹر کاریں کس ملک میں بنتی ہیں؟

ج: چین میں۔

س: ممبئی کا مشہور تعلیمی ادارہ انجمن اسلام کس نے قائم کیا؟

ج: بیرسٹر بدرالدین طیب جی نے۔

س: مشہور سوشل نیٹ ورک فیس بک کے صدر دفاتر کہاں واقع ہیں؟

ج: مینلو پارک، کیلیفورنیا میں۔

س: FIFA کا فل فارم کیا ہے؟

ج: دی فیڈریشن انٹرنیشنل ڈی فٹبال ایسوسی ایشن۔

س: نظام شمسی کا گرم ترین سیارہ کون سا ہے؟

ج: زہرہ۔

س: انٹارکٹیکا کی سب سے بلند پہاڑی چوٹی کا بتائیں؟

ج: وِنسن ماسیف۔

س: سورج کے بعد ہماری زمین سے قریب ترین ستارہ کون سا ہے؟

ج: پروکسیما سینٹوری۔

س: صحرائے گوبی کس ملک میں ہے؟

ج: منگولیا میں۔

س: پلوٹو بونا سیارہ ہے، بتائیں اس کا قُطر کیا ہے؟

ج: 2370 کلومیٹر۔

س: سری لنکا ایک جزیرہ ہے، بتائیں وہ کس سمندر میں ہے؟

ج: بحر عرب میں۔

س: دنیا میں سب سے زیادہ آبادی والا شہر کون سا ہے؟

ج: ٹوکیو (جاپان)۔

س: بڑ اعظم ایشیا دنیا کے کتنے فی صد زمینی رقبے پر محیط ہے؟

ج: تقریباً 30 فی صد۔

س: دنیا میں سب سے زیادہ بلندی سے گرنے والا آبشار کون سا ہے؟

ج: اینجیل آبشار (وینیزویلا)۔

س: دریائے نیل کی لمبائی کیا ہے؟

ج: 6853 کلومیٹر (4258 میل)۔

س: نیل دنیا کا سب سے لمبا دریا ہے، بتائیں دنیا کا سب سے وسیع دریا کون سا ہے؟

ج: دریائے امیزون۔

س: اردو کے کس شاعر کو "شاعرِ مشرق" کہا جاتا ہے؟

ج: علامہ اقبال کو۔

س: لائٹ بلب کے فلامینٹ عموماً کس دھات سے بنائے جاتے ہیں؟

ج: ٹنگسٹن سے۔

س: انقلابِ ایران (1979ء) کے بعد اسلامی جمہوریہ ایران کا پہلا صدر کون ہُوا؟

ج: سید ابوالحسن بنیصدر۔

س: موبائل فون میں موجود GPS کا فل فارم بتائیں؟

ج: گلوبل پوزیشنگ سسٹم۔

س: زمین سورج کے گرد اپنی ایک گردش کتنے زمینی دنوں میں مکمل کرتی ہے؟

ج: 365.256 دنوں میں۔

س: الیکٹرونک مصنوعات کے لیے مشہور سیمسنگ کمپنی کے صدر دفاتر کس ملک میں ہیں؟

ج: جنوبی کوریا میں۔

س: لندن میں پہلی گول میز کانفرنس کا آغاز کب ہوا تھا؟

ج: 12 نومبر 1930ء کو۔

س: ''غبارِ خاطر'' کس ادیب اور سیاسی رہنما کے خطوط کا مجموعہ ہے؟

ج: مولانا ابوالکلام آزاد کے۔

س: باسکٹ بال کی ایک ٹیم میں کتنے کھلاڑی ہوتے ہیں؟

ج: پانچ۔

س: ہوائی جہاز کے ٹائروں میں کون سی گیس بھری جاتی ہے؟

ج: نائٹروجن۔

س: جارج واشنگٹن کے بعد امریکہ کا دوسرا صدر کون ہوا؟

ج: جان ایڈمس۔

س: مشہور سیاح ابن بطوطہ کے سفرنامے کا نام بتائیں؟

ج: رحلہ۔

س: قطر کی کرنسی کیا ہے؟

ج: ریال۔

س: دنیا کا سب سے پہلا جدولی معمہ CROSS WORD کس نے ترتیب دیا؟

ج: آرتھر وین نے۔

س: کون سا شہر قطب شاہی سلطنت کا دارالحکومت تھا؟

ج: گولکنڈہ۔

س: گولکنڈہ کا قلعہ اب کس شہر کا حصہ ہے؟

ج: حیدرآباد کا۔

س: سعودی عرب میں تیل سب سے پہلے کب اور کہاں دریافت ہوا؟

ج: 1938ء کو دمام میں۔

س: بھارت میں سب سے پہلے چاندی کے سکّے کی صورت میں روپیہ کس بادشاہ نے متعارف کروایا؟

ج: شیر شاہ سُوری نے۔

س: آخری مغل بادشاہ بہادر شاہ ظفر کو انگریزوں نے جلاوطن کر کے کہاں بھیجا تھا؟

ج: رنگون۔

س: ممبئی ہائی کورٹ کا سب سے پہلا بھارتی بیرسٹر کون تھا؟

ج: بدرالدین طیّب جی۔

س: ملیشیا کو انگریزوں کی غلامی سے آزاد کرانے والے اور ملک کے اوّلین وزیرِاعظم کا نام بتائیں؟

ج: تُونکُو عبدالرّحمان۔

س: آزادی سے قبل بنگلہ دیش کا نام کیا تھا؟

ج: مشرقی پاکستان۔

س: بنگلہ دیش کے بانی سیاسی رہنما کا نام بتائیں؟

ج: شیخ مجیب الرّحمان۔

س: انسانی جسم کے کس عضو میں انسولین پیدا ہوتی ہے؟

ج: لبلبہ میں۔

س: جلد میں موجود اس مادّے کو کیا کہتے ہیں جس کی وجہ سے جلد، بال اور آنکھوں کا رنگ بنتا ہے؟

ج: میلانن۔

س: خلا میں جانے والا پہلا انسان روس کا تھا، نام بتائیں؟

ج: یوری گاگارین۔

س: خلا میں جانے والے اوّلین امریکی خلاباز کا نام بتائیں؟

ج: ایلن بی شیپرڈ۔

س: چودہ کیریٹ سونے میں کم از کم کتنے فی صد خالص سونا ہوتا ہے؟

ج: 58.3 فی صد۔

س: دنیا کا سب سے بڑا رینگنے والا جاندار کون سا ہے؟

ج: کھارے پانی کا مگرمچھ۔

س: سونا کس درجہ حرارت (سیلسی ایس) پر پگھلتا ہے؟

ج: 1064 درجے سیلسی ایس پر۔

س: جگر میں پیدا ہونے والے گہرے سبزی مائل زرد سیال کو کیا کہتے ہیں؟

ج: صفراء BILE۔

س: موصل برق LIGHTENING CONDUCTER کس نے ایجاد کیا؟

ج: بنجامن فرینکلین نے۔

س: مہارانا پرتاپ کس علاقے کا حکمراں تھا؟

ج: میواڑ کا۔

س: سکھ مذہب کے بانی گرو نانک صاحب کب پیدا ہوئے؟

ج: 15 اگست 1469ء کو۔

س: ہمارے ملک میں یوم اساتذہ 5 ستمبر کو مناتے ہیں، بتائیے عالمی یوم اساتذہ کب منایا جاتا ہے؟

ج: 5 اکتوبر کو۔

س: ایوریسٹ اور کے ٹو کے بعد ہمالیہ کی تیسری بلند ترین چوٹی کون سی ہے؟

ج: کنچن جنگا۔

س: ہمالیہ کی چوٹی کنچن جنگا کتنے میٹر بلند ہے؟

ج: 8586 میٹر۔

س: سرسید احمد خاں نے کب وفات پائی؟

ج: 27 مارچ 1898ء کو۔

س: ماؤنٹ ایوریسٹ کی بلندی (میٹر میں) کیا ہے؟

ج: 8848 میٹر۔

س: قدیم تاریخی شہر سمرقند کس ملک میں واقع ہے؟

ج: اُزبیکستان میں۔

س: انڈونیشیا 17000 سے زائد جزیروں پر مشتمل ملک ہے، بتائیں ان میں سے کتنے جزیرے آباد ہیں؟

ج: تقریباً 6000۔

س: برِ اعظم افریقہ کی سب سے بلند پہاڑی چوٹی ماؤنٹ کلیمنجارو کس ملک میں واقع ہے؟

ج: تنزانیہ میں۔

س: برِ اعظم افریقہ کا امیر ترین ملک کون سا ہے؟

ج: جنوبی افریقہ۔

س: بھارتی نظام ڈاک کے کُل کتنے پوسٹل زون ہیں؟

ج: 9 پوسٹل زون۔

س: رابن نامی پرندے کے انڈے کس رنگ کے ہوتے ہیں؟

ج: نیلے رنگ کے۔

س: پرتگال کے جان چہارم نے انگلینڈ کے چارلس دوم کو اپنی بیٹی سے شادی پر کون سا شہر جہیز میں دیا تھا؟

ج: بومبے (ممبئی)۔

س: سب سے پہلے چیف جسٹس آف انڈیا کا نام کیا تھا؟

ج: سر ہیرالال جے کسن داس کانیا۔

س: گائی دی موپاساں کس زبان کا عظیم افسانہ نگار تھا؟
ج: فرانسیسی (فرینچ) کا۔
س: انتون چیخوف کس زبان کا عظیم افسانہ نگار تھا؟
ج: رُوسی زبان کا۔
س: نئی دہلی شہر کا سنگِ بنیاد 1911ء کو رکھا گیا، بتائیں اس کا افتتاح کب ہو؟
ج: 13 فروری 1931ء کو۔
س: اٹلی کے مشہور ٹاور آف پیسا کی تعمیر کا آغاز کب ہوا تھا؟
ج: 1173ء میں۔
س: جرمنی کا دارالحکومت برلن کس دریا کے کنارے آباد ہے؟
ج: دریائے اِسپری کے۔
س: 1951ء میں قائم ہوئی سیاسی جماعت بھارتیہ جن سنگھ کا بانی کون تھا؟
ج: سیاما پرساد مکھرجی۔
س: جرمنی میں نازی عہدِ اقتدار میں خفیہ پولیس کے ادارے کا نام کیا تھا؟
ج: گیستاپو۔
س: دو طول البلد کے بیچ وقت کا فرق کیا ہوتا ہے؟
ج: 4 منٹ۔
س: نیشنل ٹیکنالوجی ڈے کس تاریخ کو منایا جاتا ہے؟
ج: 11 مئی کو۔
س: پہلی جنگِ عظیم میں شہید ہونے والے اسّی ہزار بھارتی فوجیوں کے نام دہلی کی کس عمارت پر تحریر ہیں؟
ج: انڈیا گیٹ پر۔
س: کس ملک کا 80 فی صد سے زائد علاقہ صحرائے کراکم سے گھرا ہوا ہے؟
ج: تُرکمانستان کا۔

س: آسٹریلیا اور نیوزی لینڈ کے درمیان کون سا سمندر ہے؟

ج: بحیرۂ تسمان۔

س: گیری کاسپوروف، بابی فشر، کاپابلانکا اور اناتولی کارپوف کس کھیل کے عالمی شہرت یافتہ کھلاڑی ہیں؟

ج: شطرنج کے۔

س: انسانی پسلیوں کی 12 جوڑیاں ہوتی ہیں، ان میں سے کتنی جوڑیاں آپس میں جڑی ہوئی ہوتی ہیں؟

ج: 7 جوڑیاں۔

س: ایک بالغ انسان کے دماغ کا اوسط وزن کیا ہوتا ہے؟

ج: تقریباً 1.5 کلو گرام۔

س: ہرلی مشین کمپنی کے لیے 1908ء میں الیکٹرک واشنگ مشین کس نے ایجاد کی؟

ج: الوا جے فشر نے۔

س: 6 نوبل گیسوں کے نام بتائیں؟

ج: ہیلیئم، نیون، آرگون، کرپٹون، زینون، ریڈون۔

س: رقبے کے اعتبار سے بھارت کی سب سے بڑی ریاست کون سی ہے؟

ج: راجستھان۔

س: دبئی میں تعمیر شدہ عمارت برج خلیفہ کتنے فٹ بلند ہے؟

ج: 2717 فٹ۔

س: ٹرانس سائبیرین ریلوے دنیا کا طویل ترین ریلوے روٹ ہے، بتائیں یہ کس ملک میں ہے؟

ج: روس میں۔

س: انسانی جسم کا سب سے بڑا غدود (گلٹی) کون سا ہے؟

ج: جگر۔

س: طباعت کا آغاز چین میں ہوا، بتائیں مغربی دنیا میں پرنٹنگ پریس کس کی ایجاد ہے؟

ج: جوہانس گٹینبرگ کی۔

س: رسول اللہ ﷺ کی شان میں مشہور قصیدہ بُردہ شریف کس مصری شاعر نے لکھا؟

ج: ابوعبداللہ محمد ابن سعد البوصیری نے۔

س: لائنس کلب انٹرنیشنل کا بانی کون تھا؟

ج: میلوِن جونس۔

س: پٹنہ (بہار) کے انٹرنیشنل ایر پورٹ کا نام کیا ہے؟

ج: جے پرکاش نرائن انٹرنیشنل ایر پورٹ۔

س: آپ سینڈوچ کھاتے ہیں، بتائیں یہ کس کی ایجاد ہے؟

ج: جان مونٹیگو کی۔

س: آرگنائزیشن آف اسلامک کوآپریشن کے صدر دفاتر کہاں واقع ہیں؟

ج: جدّہ (سعودی عرب) میں۔

س: دی کامن ویلتھ آف نیشنز کے صدر دفاتر کہاں واقع ہیں؟

ج: لندن (یوُ کے) میں۔

س: انڈین اسٹینڈرڈ ٹائم، گرینوِچ مین ٹائم سے کتنے گھنٹے آگے ہے؟

ج: ساڑھے 5 گھنٹے۔

س: 1845ء میں برطانوی حکومت نے جموں اور کشمیر 75 لاکھ روپے میں کسے فروخت کر دیا تھا؟

ج: مہاراجہ گلاب سنگھ کو۔

س: برِّ اعظم افریقہ کے کس ملک کو ''ایک ہزار پہاڑیوں کی سرزمین'' کہا جاتا ہے؟

ج: روانڈہ کو۔

س: بھارت میں قائم ہونے والا سب سے پہلا باقاعدہ بینک کون سا تھا؟

ج: بینک آف ہندوستان۔

س: کیوی نامی پرندہ کس ملک میں پایا جاتا ہے؟

ج: نیوزی لینڈ میں

س: اوّلین ایشین گیمز 1951ء کو منعقد ہوئے تھے، بتائیں کہاں؟

ج: نئی دہلی میں۔

س: سراج الدولہ اور برٹش ایسٹ انڈیا کمپنی کی افواج کے بیچ 23 جون 1757ء کو کون سی جنگ ہوئی؟

ج: جنگِ پلاسی۔

س: روس کے آخری بادشاہ (زار) کا نام کیا تھا؟

ج: نکولس دوّم۔

س: گجرات کا شہر احمد آباد کس نے بسایا؟

ج: احمد شاہ اوّل نے۔

س: مرکزی حکومت کی عملداری والے علاقے دادرا اور نگر حویلی کا دارالحکومت کیا ہے؟

ج: سِلواسا۔

س: نئی دہلی شہر بسانے کے لیے تعمیراتی منصوبہ کس آرکیٹیکٹ نے بنایا تھا؟

ج: ایڈوین لٹئینس نے۔

س: سِکھ مذہب کی مقدّس کتاب کون سی ہے؟

ج: گروُ گرنتھ صاحب۔

س: مکعب CUBE کے کتنے پہلو ہوتے ہیں؟

ج: 6 پہلو۔

س: بھارت میں بننے والی سب سے پہلی ایرکرافٹ کیریئر شِپ کا نام کیا بتائیے؟

ج: آئی این ایس وِکرانت۔

س: پہلی جنگِ عظیم کب ختم ہوئی؟

ج: 11 نومبر 1918ء کو۔

س: وہ کون سا شہر ہے جسے مسلمان، یہودی اور عیسائی تینوں ہی مقدّس مانتے ہیں؟

ج: یروشلم کو۔

س: بھارت میں ٹیلی کاسٹ ہونے والا سب سے پہلا غیر ملکی ٹی وی چینل کون سا تھا؟

ج: سی این این۔

س: 1953ء میں بہترین اداکار کا اوّلین فلم فیئر ایوارڈ کسے دیا گیا تھا؟

ج: دلیپ کمار کو۔

س: 1953ء میں بہترین اداکارہ کا اوّلین فلم فیئر ایوارڈ کسے دیا گیا تھا؟

ج: مینا کماری کو۔

س: بھارت کے کس شہر کو "گلابی شہر" کہا جاتا ہے؟

ج: جے پور کو۔

س: فضائیہ افواج یعنی ایر فورس کا سب سے بڑا عہدہ کیا ہے؟

ج: ایر چیف مارشل۔

س: غیر ملکی سرزمین پر وفات پانے والے بھارت کے واحد وزیرِ اعظم کا نام بتائیے؟

ج: لال بہادر شاستری

س: بھارت میں سب سے پہلے پٹرولیم کہاں دریافت ہوا؟

ج: ڈگبوئی (آسام) میں۔

س: دکن میں بہمنی سلطنت کا بانی کون تھا؟

ج: علاء الدین حسن بہمن شاہ۔

س: ٹیپو سلطان کا اصل نام کیا تھا؟

ج: فتح علی۔

س: کس مغل حکمراں نے اپنا دارالسلطنت آگرہ سے دہلی منتقل کیا تھا؟

ج: شاہ جہاں نے۔

س: اردو کس ملک کی قومی زبان ہے؟

ج: پاکستان کی۔

س: انٹرنیشنل ٹیبل ٹینس میں ٹیبل کا قد 2.5 فٹ ہوتا ہے، بتائیں اس کی لمبائی اور چوڑائی کیا ہوتی ہے؟

ج: لمبائی 9 فٹ، چوڑائی 5 فٹ۔

س: خلا میں سب سے پہلا مصنوعی سیٹیلائٹ روس نے روانہ کیا تھا، اس کا نام کیا تھا؟

ج: اِسپوتنِک 1۔

س: ایک صحت مند انسان کے جسم میں خون کی اوسط مقدار کیا ہوتی ہے؟

ج: تقریباً 5 لیٹر۔

س: RADAR کا فُل فارم کیا ہے؟

ج: ریڈیو ڈی ٹیکشن اینڈ رینجنگ۔

س: PVC کا فُل فارم بتائیں؟

ج: پولی وِنائل کلورائیڈ۔

س: جامعہ ملّیہ اسلامیہ یونیورسٹی کہاں واقع ہے؟

ج: نئی دہلی میں۔

س: برطانیہ نے چین کو ہانگ کانگ کا علاقہ کب واپس لوٹایا؟

ج: یکم جولائی 1997ء کو۔

س: ڈونگ کس ملک کی کرنسی ہے؟

ج: ویتنام کی۔

س: ایک روزہ انٹرنیشنل کرکٹ میچ میں سب سے پہلے ہیٹ ٹرِک لینے والے گیند باز کا نام بتائیے؟

ج: جلال الدین (پاکستان)۔

س: مہاراشٹر کے نئے سال کا پہلا دن کیا کہلاتا ہے؟

ج: گُڈی پاڑوا۔

س: 1857ء میں انگریزوں کے خلاف لڑنے والی اودھ کی ملکہ بیگم حضرت محل کے شوہر کا نام بتائیں؟

ج: نواب واجد علی شاہ۔

س: وار اینڈ پیس WAR AND PEACE نامی کتاب کے مصنف کا نام بتایئے؟

ج: لیو ٹالسٹائے۔

س: ہندوؤں کی مقدس کتاب بھگوت گیتا کے مصنف کا نام بتائیں؟

ج: ویدویاس۔

س: 1932ء میں اوّلین بھارتی ٹیسٹ کرکٹ ٹیم کا کپتان کون تھا؟

ج: سی کے نائیڈو۔

س: بھارت میں جس وقت دن کے ٹھیک 12 بجے ہوں اس وقت تہران (ایران) میں کیا بجا ہوگا؟

ج: 11 بجے صبح۔

س: بھارت میں جس وقت دن کے 12 بجے ہوں اس وقت ریاض (سعودی عرب) میں کیا بجا ہوگا؟

ج: 9:30 بجے صبح۔

س: راجیہ سبھا کی رُکن نامزد ہونے والی اوّلین فلم اداکارہ کون تھی؟

ج: نرگس دت۔

س: شیواجی کی ماں کا نام کیا تھا؟

ج: جیجا بائی۔

س: ناردرن (شمالی) ریلوے کے صدر دفاتر کہاں واقع ہیں؟

ج: نئی دہلی میں۔

س: ''گلف ایر'' کس ملک کی ایرلائنز ہے؟

ج: بحرین کی۔

س: مسجدِ اقصیٰ کہاں واقع ہے؟

ج: یروشلم (اسرائیل) میں۔

س: عینک (چشمہ) کس ملک کی ایجاد ہے؟

ج: اٹلی۔

س: نیویارک شہر کس دریا کے کنارے آباد ہے؟

ج: دریائے ہڈسن کے۔

س: ویکیوم فلاسک کس نے ایجاد کیا؟

ج: جیمس ڈیوار نے۔

س: اسٹیتھسکوپ کس نے ایجاد کیا؟

ج: رین لائنیک نے۔

س: گولڈ (سونا) کی کیمیائی علامت کیا ہے؟

ج: Au۔

س: بھارت میں پرتگالیوں کا پہلا وائسرائے کون تھا؟

ج: فرانسسکو ڈی المیڈا۔

س: مراٹھا افواج اور افغانستان کے بادشاہ احمد شاہ ابدالی کے بیچ پانی پت کی تیسری جنگ کب ہوئی؟

ج: 14 جنوری 1761ء کو۔

س: بالِ جبریل، بانگِ درا، ضرب کلیم اور ارمغانِ حجاز کس عظیم شاعر کی تصانیف ہیں؟

ج: علامہ اقبال کی۔

س: اللہ رکھا خان، کشن مہاراج، نکھل گھوش اور ذاکر حسین کس فن کے مشہور نام ہیں؟

ج: فن ستار نوازی۔

س: آکٹوپس کے کتنے بازو ہوتے ہیں؟

ج: 4 جوڑے۔

س: اردو زبان خطِ نستعلیق میں لکھی جاتی ہے، بتائیں یہ خط کس نے ایجاد کیا؟

ج: میر علی تبریزی نے۔

س: انگریزی ادب کا مشہور جاسوسی کردار "شرلاک ہومز" کس کی تخلیق ہے؟

ج: آرتھر کونان ڈوئیل کی۔

س: کون سا جانور اپنے جسم کا رنگ بدلنے کے لیے مشہور ہے؟

ج: گرگٹ۔

س: میکانیکل کیلکولیٹر (ایڈنگ مشین) کس نے ایجاد کیا؟

ج: بلیز پاسکل نے۔

س: ہمارے جسم میں کتنے عضلات ہوتے ہیں؟

ج: تقریباً 640۔

س: سب سے پہلا راجیو گاندھی کھیل رتن ایوارڈ 92-1991ء میں کس کھلاڑی کو دیا گیا؟

ج: وشوانا تھن آنند کو۔

س: مہاراشٹر کا شہر ناسک کس دریا کے کنارے آباد ہے؟

ج: دریائے گوداوری کے۔

س: جوگ آبشار کہاں واقع ہے؟

ج: شموگا (کرناٹک) میں۔

س: ہر سال پارلیمینٹ میں قومی بجٹ کون پیش کرتا ہے؟

ج: وزیرِ مالیات۔

س: ریاست اُتّر اکھنڈ کا دارالحکومت کیا ہے؟

ج: دہرہ دوُن۔

س: کانڈلا بندرگاہ کس ریاست میں واقع ہے؟

ج: گجرات میں۔

س: INTERPOL کا فُل فارم کیا ہے؟

ج: انٹرنیشنل کریمینل پولس آرگنائزیشن۔

س: وہ کون سی نہر ہے جو بحرِ پیسیفک اور بحرِ ایٹلانٹک کو ملاتی ہے؟

ج: نہر پناما۔

س: قطب الدین ایبک نے قطب مینار کی تعمیر کا آغاز کیا، بتائیں کن دو بادشاہوں نے اس کی تکمیل کی؟

ج: سلطان التمش اور فیروز شاہ تغلق نے۔

س: برِاعظم جنوبی امریکہ کے ملک کولمبیا کا دارالحکومت کیا ہے؟

ج: بوگوٹا۔

س: وہ کون سا پرندہ ہے جو کبھی اپنا گھونسلہ نہیں بناتا؟

ج: کویل (کُکو)۔

س: ریزرو بینک آف انڈیا کے سربراہِ اعلیٰ کا عہدہ کیا کہلاتا ہے؟

ج: گورنر۔

س: "کِپ" کس ملک کی کرنسی ہے؟

ج: لاؤس کی۔

س: شمالی کوریا کا دارالحکومت کیا ہے؟

ج: پیونگیانگ۔

س: جنوبی کوریا کا دارالحکومت کیا ہے؟

ج: سیول۔

س: موسیقی کا اہم ترین ساز "پیانو" کس نے ایجاد کیا؟

ج: بارٹولومیو کرسٹوفری نے۔

س: ریڈیو کس نے ایجاد کیا؟

ج: گگلیلمو مارکونی نے۔

س: اتر پردیش کا شہر لکھنؤ کس دریا کے کنارے آباد ہے؟

ج: دریائے گومتی کے۔

س: دریائے گنگا اور جمنا کے سنگم پر کون سا شہر آباد ہے؟

ج: الہ آباد۔

س: ہمارے ہاتھ کی پانچوں انگلیوں میں کتنی ہڈیاں ہوتی ہیں؟
ج: 14 ہڈیاں۔
س: مائع کی حالت میں اوزون گیس کس رنگ کی ہوتی ہے؟
ج: گہرے نیلے رنگ کی۔
س: اتر پردیش کے شہر مرزا پور اور بھدوہی کس صنعت کے لیے مشہور ہیں؟
ج: قالین بنانے کے لیے۔
س: ریاست تلنگانہ کا دارالحکومت کیا ہے؟
ج: حیدرآباد۔
س: ممبئی کس سمندر کے کنارے آباد ہے؟
ج: بحیرۂ عرب کے۔
س: بی بی کا مقبرہ (اورنگ آباد) اورنگ زیب کی کس بیوی کی قبر پر تعمیر ہے؟
ج: دلرس بانو بیگم (رابعہ درانی)۔
س: کس درجے طول البلد کو بین الاقوامی خطِ تاریخ مانا گیا ہے؟
ج: 180 درجے۔
س: ریوالور پستول کا موجد کون تھا؟
ج: سموئل کولٹ۔
س: نرمدا اور تاپتی دریا کس سمندر میں گرتے ہیں؟
ج: بحیرۂ عرب میں۔
س: بھارت میں ٹیلی ویژن کب شروع ہوا؟
ج: 15 ستمبر 1959ء کو۔
س: "بوسٹن ٹی پارٹی" امریکہ کی تحریک آزادی کا اہم ترین واقعہ ہے، بتائیں یہ کب ہوا تھا؟
ج: 16 دسمبر 1773ء کو۔

س: ہوائی جہاز کے مؤجد رائٹ برادران کے نام بتائیے؟

ج: اورول رائٹ اور ولبر رائٹ۔

س: جرمنی کا اوّلین چانسلر کون تھا؟

ج: اوٹو وان بسمارک۔

س: انقلابِ فرانس کا آغاز کب ہوا تھا؟

ج: 1789ء میں۔

س: سکندرِ اعظم کب فوت ہوا؟

ج: 223 ق م میں۔

س: اقوامِ متحدہ (یو این) کے صدر دفاتر کہاں واقع ہیں؟

ج: نیویارک سٹی (یو ایس اے) میں۔

س: دنیا میں سب سے زیادہ دریا اور ندیاں کس ملک میں ہیں؟

ج: بنگلہ دیش میں۔

س: بھارت کا سب سے پہلا پائلٹ کون تھا؟

ج: جے آر ڈی ٹاٹا۔

س: بھارت کی سب سے پہلی خاتون پائلٹ کون تھی؟

ج: سرلا ٹھکرال۔

س: دنیا کا سب سے زیادہ آبادی والا ملک کون سا ہے؟

ج: چین۔

س: منگولیا کا دارالحکومت کیا ہے؟

ج: اُولان باٹر۔

س: بابائے اردو کس شخصیت کو کہا جاتا ہے؟

ج: مولوی عبدالحق کو۔

س: شالیمار باغ اور نشاط باغ کہاں واقع ہیں؟

ج: سری نگر (کشمیر) میں۔

س: بھارت کی قومی ہیلی کاپٹر کمپنی کا نام کیا ہے؟

ج: پون ہنس لمیٹیڈ۔

س: پنجابی زبان کس رسم الخط میں لکھی جاتی ہے؟

ج: گرمکھی میں۔

س: دوسری جنگِ عظیم کا آغاز کب ہوا تھا؟

ج: یکم ستمبر 1939ء کو۔

س: شاہجہاں کے بڑے بیٹے کا نام کیا تھا؟

ج: داراشکوہ۔

س: کس ملک کو"مدر اِن لاء آف یورپ" یعنی یورپ کی ساس کہا جاتا ہے؟

ج: ڈنمارک کو۔

س: دنیا کا سب سے بڑا ریگستان کون سا ہے؟

ج: صحارا۔

س: دنیا کی مشہور عمارتوں میں شمار ہونے والا"گول گنبد" کہاں واقع ہے؟

ج: بیجاپور (کرناٹک) میں۔

س: جاپان کی کرنسی کیا ہے؟

ج: ین۔

س: آسٹریلیا کا دارالحکومت کیا ہے؟

ج: کینبیرا۔

س: آسٹریا کا دارالحکومت کیا ہے؟

ج: ویانا۔

س: ممبئی میں میٹرو ٹرین کا آغاز کب ہوا؟

ج: 8 جون 2014ء کو۔

س: اسلامی کیلنڈر کا آخری مہینہ کون سا ہے؟

ج: ذی الحجہ۔

س: دنیا میں سب سے پہلے کس کمپنی نے جینز کی پینٹ تیار کی؟

ج: لیوی اسٹراؤس نے۔

س: دہلی میں تغلق خاندان کی حکومت کا بانی کون تھا؟

ج: غازی غیاث الدین تغلق۔

س: سم کارڈ کے ذریعے موبائل فون کنیکشن استعمال ہوتا ہے، SIM کا فُل فارم کیا ہے؟

ج: سبسکرائبر آئڈینٹیٹی موڈیول۔

س: عالمی شہرت یافتہ کمپنی ''اوٹس'' کون سی مشین بناتی ہے؟

ج: ایلیویٹر (لفٹ) اور ایسکیلیٹر (خودکار سیڑھی)۔

س: انسانی جسم کا اوسط درجۂ حرارت کیا ہوتا ہے؟

ج: 98.6 ڈگری فارینہائٹ یا 37 ڈگری سیلسی ایس۔

س: اندرا گاندھی انٹرنیشنل ایرپورٹ کہاں واقع ہے؟

ج: نئی دہلی میں۔

س: ماہرین فلکیات کے مطابق ہیلی دُم دار ستارہ اب کس سن میں دکھائی دے گا؟

ج: 2061ء میں۔

س: ہم دہلی کو عام طور پر دِلّی بولتے ہیں، بتائیں ''ڈِلی'' کس ملک کا دارالحکومت ہے؟

ج: مشرقی تیمور کا۔

س: لُفتھانسا کس ملک کی ایرلائنز ہے؟

ج: جرمنی کی۔

س: تتلی کے کتنے پیر ہوتے ہیں؟

ج: 6 پیر۔

س: قومی کونسل برائے فروغِ اردو زبان کے صدر دفاتر کس شہر میں ہیں؟

ج: نئی دہلی میں۔

س: مکڑی کی کتنی آنکھیں ہوتی ہیں؟

ج: 8 آنکھیں۔

س: بھارت میں سب سے زیادہ شاخیں کس بینک کی ہیں؟

ج: اسٹیٹ بینک آف انڈیا کی۔

س: ٹیپو سلطان کب شہید ہوئے؟

ج: 4 مئی 1799ء کو۔

س: مرکزی حکومت کو ٹیکس کے ذریعے کس ریاست سے سب سے زیادہ رقم حاصل ہوتی ہے؟

ج: مہاراشٹر سے۔

س: بھارت کے اوّلین الیکشن کمشنر کا نام کیا تھا؟

ج: سُکمار سین۔

س: ہمارے جسم کا کون سا عضو غذا کو ہضم کرنے کا کام انجام دیتا ہے؟

ج: چھوٹی آنت۔

س: علم الحساب میں لوگارتھمس کس نے ایجاد کیے؟

ج: جان نا پیئر نے۔

س: بہت چھوٹے بچوں کے لیے کنڈر گارٹن تعلیمی نظام کس نے متعارف کروایا؟

ج: ریڈرچ فرابیل نے۔

س: احساسِ کمتری کی تھیوری سب سے پہلے کس ماہرِ نفسیات نے پیش کی؟

ج: الفریڈ ایڈلر نے۔

س: بھارت کا سب سے قدیم فٹبال کلب کون سا ہے؟

ج: موہن بگان۔

س: برطانیہ کا پہلا وزیراعظم کون تھا؟

ج: رابرٹ والپول۔

س: "بیجک" کس مشہور سنت کی تصنیف ہے؟

ج: کبیر داس کی۔

س: ایلزبیتھ ٹیلر، میریل اسٹریپ اور صوفیہ لارین کس شعبے کی مشہور خواتین کے نام ہیں؟

ج: ہالی ووڈ کی اداکاراؤں کے۔

س: دنیا میں سب سے زیادہ قدرتی گیس کے ذخائر کس ملک میں ہیں؟

ج: روس میں۔

س: بچوں کی مشہور انگریزی نظم "ٹوینکل ٹوینکل لٹل اسٹار" کس کی تخلیق ہے؟

ج: جین ٹیلر کی۔

س: آتش فشاں سے پھوٹنے والے گرم مادے کو کیا کہتے ہیں؟

ج: لاوا۔

س: 1930ء میں پہلا ورلڈ کپ فٹبال ٹورنامینٹ کس ملک میں منعقد ہوا تھا؟

ج: یوراگوے میں۔

س: موٹر گاڑیاں بنانے والی مشہور کمپنی بی ایم ڈبلیو کے صدر دفاتر کہاں واقع ہیں؟

ج: میونخ (جرمنی) میں۔

س: مارک زکربرگ اور اس کے ساتھی کس مشہور ترین سوشیل نیٹ ورک کے بانی ہیں؟

ج: فیس بک کے۔

س: جے پور میں واقع مشہور عمارت ہوا محل میں کتنی کھڑکیاں ہیں؟

ج: 953 کھڑکیاں۔

س: کمپیوٹر لیپ ٹاپ کس کمپنی نے ایجاد کیا؟
ج: اوسبورن کمپیوٹرس نے۔
س: بھارت میں سونے کی کانیں کہاں واقع ہیں؟
ج: کولار گولڈ فیلڈ (کرناٹک) میں۔
س: پنجاب کے پانچ دریاؤں کے نام بتائیں؟
ج: جہلم، چناب، راوی، ستلج، بیاس۔
س: پنجاب کے پانچ دریا دراصل کس بڑے دریا کی شاخیں ہیں؟
ج: دریائے سندھ کی۔
س: اردو کی مشہور داستان ''طلسمِ ہوش رُبا'' کس کی تصنیف ہے؟
ج: منشی محمد حسین جاہ کی۔
س: کیکڑے کی کتنی ٹانگیں ہوتی ہیں؟
ج: 10 ٹانگیں۔
س: مسجدِ نبوی کہاں واقع ہے؟
ج: مدینہ منورہ (سعودی عرب) میں۔
س: ایلیفینٹا کے غار مہاراشٹر کے کس شہر کے قریب واقع ہیں؟
ج: ممبئی کے۔
س: گولڈن ٹیمپل کہاں واقع ہے؟
ج: امرتسر (پنجاب) میں۔
س: دنیا کی سب سے پہلی زمین دوز ریلوے سروس کا آغاز 1863ء میں ہوا، بتائیں کہاں؟
ج: لندن (برطانیہ) میں۔
س: سالار جنگ میوزیم کہاں واقع ہے؟
ج: حیدرآباد (تلنگانہ) میں۔

س: ہماری زمین جس نظامِ شمسی میں ہے وہ کس کہکشاں میں ہے؟

ج: مِلکی وے MILKY WAY میں۔

س: سب سے پہلے کون سی اینٹی بایوٹِک دریافت ہوئی؟

ج: پینی سیلین PENICILLIN۔

س: ہمارے جسم کے کس عضو میں پیشاب جمع ہوتا ہے؟

ج: مثانے میں۔

س: تُنگا بھدرا اور بھیما کس دریا کی ذیلی شاخیں ہیں؟

ج: دریائے کرشنا کی۔

س: کس شعبے میں نمایاں خدمات انجام دینے پر دادا صاحب پھالکے ایوارڈ دیا جاتا ہے؟

ج: فلمی صنعت میں۔

س: بھارت کا سب سے بڑا قومی دریائی راستہ نیشنل واٹر وے نمبر 1 کن دو شہروں کو جوڑتا ہے؟

ج: ہلدیہ اور الہ آباد کو۔

س: ''اونم'' کس بھارتی ریاست کا خاص تہوار ہے؟

ج: کیرالا کا۔

س: ہائی کورٹ کی اوّلین خاتون چیف جسٹس کا نام کیا تھا؟

ج: جسٹس لیلا سیٹھ۔

س: ہائی کورٹ کی اوّلین خاتون جج کا نام کیا تھا؟

ج: انا چینڈی۔

س: ''دی سوشل کونٹریکٹ'' فرانس کے کس ممتاز مفکّر کی کتاب ہے؟

ج: جین جیکویس روسیو کی۔

س: میونخ، فرینکفرٹ، ہیمبرگ اور کولون کس ملک کے مشہور شہر ہیں؟

ج: جرمنی کے۔

س: ہمایوں کا مقبرہ کس نے تعمیر کروایا؟

ج: ہمایوں کی بیوی حمیدہ بانو بیگم نے۔

س: ہمایوں کا مقبرہ کس آرکیٹیکٹ کے فن کا شاہکار ہے؟

ج: مراق مرزا غیاث کا۔

س: تاریخ نویسی کا بانی کسے کہا جاتا ہے؟

ج: ہیروڈوٹس کو۔

س: اولمپک گیمز کے پرچم میں کتنے دائرے ہوتے ہیں؟

ج: 5 دائرے۔

س: شطرنج کے بورڈ میں کُل کتنے خانے ہوتے ہیں؟

ج: 64 خانے۔

س: مہاتما گاندھی کا قاتل کون تھا؟

ج: ناتھورام گوڈسے۔

س: فیروز شاہ کوٹلہ کرکٹ اسٹیڈیم کہاں واقع ہے؟

ج: دہلی میں۔

س: ارجن ایوارڈ کس شعبے میں کارہائے نمایاں انجام دینے والوں کو دیا جاتا ہے؟

ج: اسپورٹس اور گیمز میں۔

س: ہمارے ملک میں کرنسی نوٹ جاری کرنے کا اختیار کس کو ہے؟

ج: ریزرو بینک آف انڈیا کو۔

س: مہاراشٹر کا پہلا وزیرِ اعلیٰ کون تھا؟

ج: یشونت راؤ چوان۔

س: اس موجد کا نام بتائیں جس کی ایجاد کردہ سوت کاتنے کی مشین صنعتی انقلاب کا پہلا قدم ثابت ہوئی؟

ج: رچرڈ آرک رائٹ۔

س: اودھ کے نواب آصف الدولہ کے والد کا نام کیا تھا؟

ج: نواب شجاع الدولہ۔

س: تحریکِ آزادی کے کس رہنما اور ماہر سرجن کے نام پر چیرنگ اسپتال لندن میں ایک وارڈ قائم ہے؟

ج: ڈاکٹر مختار احمد انصاری کے۔

س: طبیہ کالج دہلی کا بانی کون تھا؟

ج: حکیم اجمل خان۔

س: ''مسیح الہند'' کس مشہور حکیم کا خطاب تھا؟

ج: حکیم اجمل خان کا۔

س: فراق گورکھپوری کو کس تصنیف پر بھارت کا سب سے بڑا ادبی ایوارڈ ''گیان پیٹھ'' دیا گیا تھا؟

ج: گُل نغمہ۔

س: مغل شہنشاہ جہانگیر کے دربار میں برٹش ایسٹ انڈیا کمپنی نے کسے اپنا نمایندہ بنا کر بھیجا تھا؟

ج: تھامس روَ کو۔

س: دنیا کے بڑے تاجروں میں شمار کیے جانے والے ''ٹاٹا گروپ'' کا بانی کون تھا؟

ج: جمشید جی نسروان جی ٹاٹا۔

س: کس تاریخی عمارت کو مہاراشٹر کا تاج محل کہتے ہیں؟

ج: بی بی کا مقبرہ۔

س: اندرا گاندھی انٹرنیشنل ایرپورٹ کس شہر میں واقع ہے؟

ج: نئی دہلی میں۔

س: میونسپل کارپوریشن کے اجلاس کی صدارت کون کرتا ہے؟

ج: میئر۔

س: جوگ آبشار کس ریاست میں ہے؟

ج: کرناٹک میں۔

س: ڈِسکوری آف انڈیا DISCOVERY OF INDIA کس کی تصنیف ہے؟

ج: پنڈت جواہر لال نہرو کی۔

س: مشہور جنگجو حکمراں چنگیز خان کس ملک کا باشندہ تھا؟

ج: منگولیا کا۔

س: چین کا آخری بادشاہ کون تھا؟

ج: پوُ یی۔

س: سنسکرت کا مشہور ناول ''کادمبری'' کس نے لکھا؟

ج: بان بھٹ نے۔

س: بعض جسمانی تکالیف کی تحقیق کے لیے ایم آر آئی ٹیسٹ کروایا جاتا ہے، MRI کا فُل فارم کیا ہے؟

ج: میگنیٹِک ریزوننس اِمیجنگ MAGNETIC RESONANCE IMAGING۔

س: عام نمک کا کیمیائی نام کیا ہے؟

ج: سوڈیم کلورائیڈ۔

س: بھارت کا پہلا اور آخری بھارتی گورنر جنرل کون تھا؟

ج: سی راج گوپال آچاری۔

س: مہاراشٹر کا کون سا شہر چادریں بنانے کے لیے مشہور ہے؟

ج: سولا پور۔

س: محمد علی کلے کو کس کھیل کا عظیم ترین کھلاڑی کہا جاتا ہے؟

ج: ہیوی ویٹ باکسنگ کا۔

س: ایک ہزار روپے کے کرنسی نوٹ پر کس کے دستخط ہوتے ہیں؟

ج: گورنر، ریزرو بینک آف انڈیا کے۔

س: مغلیہ خاندان کا پانچواں بادشاہ کون تھا؟

ج: شاہجہاں۔

س: تجارتی دنیا میں اہم مقام کی حامل "ریلائنس انڈسٹریز" کا بانی کون تھا؟

ج: دھیرو بھائی امبانی۔

س: واگھا سرحد کن دو ممالک کے بیچ واقع ہے؟

ج: بھارت اور پاکستان۔

س: شطرنج کس ملک کا قومی کھیل ہے؟

ج: روس کا۔

س: فارمولہ ون کار ریس کا سب سے عظیم ڈرائیور کس کھلاڑی کو مانا جاتا ہے؟

ج: مائکل شماکر کو۔

س: "گیتانجلی" کس کی تصنیف ہے؟

ج: رابندر ناتھ ٹیگور کی۔

س: انگریزی کی مشہور ادیبہ باربرا کارٹ لینڈ نے کل کتنے ناول لکھے؟

ج: 722 ناول۔

س: مرزا غالب کا اصل نام بتائیں؟

ج: مرزا اسد اللہ خان۔

س: میاں تان سین کس مغل بادشاہ کے درباری گوئیے تھے؟

ج: شہنشاہ اکبر کے۔

س: "تاریخ الہند" کس عظیم اسکالر کی تصنیف ہے؟

ج: ابوریحان البیرونی کی۔

س: 81 برس کی عمر میں بھارت کا وزیرِ اعظم بننے والے سیاسی رہنما کا نام بتائیں؟

ج: مرارجی دیسائی۔

س: واٹرلو کی جنگ کب ہوئی؟

ج: 18 جون 1815ء کو۔

س: امریکہ کب آزاد ہوا؟

ج: 4 جولائی 1776 کو۔

س: کس امریکی صدر کے حکم پر جاپان کے ہیروشیما اور ناگاساکی شہروں پر ایٹم بم گرائے گئے تھے؟

ج: ہیری ایس ٹرومین۔

س: نیشنل اسپورٹس ڈے کس تاریخ کو منایا جاتا ہے؟

ج: 29 اگست کو۔

س: نیشنل اسپورٹس ڈے ہاکی کے کس کھلاڑی کے یوم پیدائش پر منایا جاتا ہے؟

ج: دھیان چند کے۔

س: اولمپک میڈل جیتنے والی اولین بھارتی کھلاڑی کا نام بتائیں؟

ج: کرنم ملیسوری۔

س: سب سے پہلا نیشنل فلم ایوارڈ کس فلم کو دیا گیا تھا؟

ج: شیاما چی آئی (مراٹھی) کو۔

س: ٹینس سنگلز اور ڈبلز مقابلوں کے سب سے زیادہ ٹائیٹل جیتنے کا ریکارڈ کس خاتون کھلاڑی کے نام ہے؟

ج: مارٹینا نوراٹیلووا۔

س: یو ایس اے کا قومی کھیل کون سا ہے؟

ج: بیس بال BASEBALL۔

س: پرتگالی جہاز راں واسکوڈی گاما بھارت میں کب لنگر انداز ہوا؟

ج: 1498 کو۔

س: ہمارے ملک میں ووٹ دینے کے لیے کم سے کم عمر کیا ہونی چاہیے؟

ج: 18 سال۔

س: ہماری زمین کے گرد چاند ایک سال میں کتنی گردشیں مکمل کرتا ہے؟

ج: 13 گردشیں۔

س: عام استعمال کے بجلی کے تار کن دھاتوں سے بنائے جاتے ہیں؟

ج: تانبہ اور ایلومینیئم سے۔

س: کم سے کم کتنے عرصے تک نومولود بچے کے آنسو نہیں نکلتے؟

ج: تقریباً 3 ہفتے تک۔

س: گاندھی جی کا سابرمتی آشرم کہاں واقع ہے؟

ج: احمد آباد (گجرات) میں۔

س: ''موگلی''کس کتاب کا مشہور کردار ہے؟

ج: جنگل بُک کا۔

س: کہانیوں پر مشتمل مشہور کتاب ''جنگل بُک'' کے مصنف کا نام بتائیں؟

ج: روڈیارڈ کپلنگ۔

س: شیر شاہ سُوری کا مقبرہ کہاں واقع ہے؟

ج: سہسرام (بہار) میں۔

س: حضرت خواجہ معین الدین چشتیؒ کس سن میں بھارت تشریف لائے؟

ج: 1192ء میں۔

س: ایک کوئنٹل کتنے کلوگرام کے مساوی ہوتا ہے؟

ج: 100 کلوگرام۔

س: ''گربا''کس ریاست کا مخصوص رقص ہے؟

ج: گجرات کا۔

س: بھارت میں سال کا سب سے طویل دن کون سا ہوتا ہے؟

ج: 21 جون۔

س: اردو کی مشہور مثنوی ''سحر البیان''کس شاعر کی تخلیق ہے؟

ج: میر حسَن کی۔

س: کوہیما کس بھارتی ریاست کا دارالحکومت ہے؟

ج: ناگالینڈ کا۔

س: جنگِ پلاسی کے بعد سراج الدولہ کی جگہ بنگال کا نواب کون ہوا؟

ج: میر جعفر۔

س: بھارت میں سب سے بڑی مسجد کون سی ہے؟

ج: جامع مسجد، دہلی۔

س: تنویر خان کا لکھا اور ہدایت کردہ اردو کا وہ کون سا ڈرامہ ہے جسے تقریباً 9 ہزار مرتبہ اسٹیج کیا گیا؟

ج: ادرک کے پنجے۔

س: ''دی وِنگس آف فائر'' نامی کتاب کے مصنف کا نام بتائیں؟

ج: ڈاکٹر اے پی جے عبدالکلام۔

س: نادر شاہ افشار نے دہلی پر کس سن میں حملہ کیا تھا؟

ج: 1739ء میں۔

س: بھارت کے کس وزیرِاعظم کو پاکستان کا سب سے بڑا ایوارڈ ''نشانِ پاکستان'' دیا گیا؟

ج: مرار جی دیسائی کو۔

س: نوبیل پرائز حاصل کرنے والے اوّلین مسلمان کا نام بتائیں؟

ج: انورالسادات۔

س: NRI کا فُل فارم کیا ہے؟

ج: نان ریزیڈینٹ انڈین NON-RESIDENT INDIAN۔

س: ''ایڈن گارڈنس'' بھارت کا سب سے وسیع کرکٹ گراؤنڈ ہے، بتائیں یہ کس شہر میں واقع ہے؟

ج: کولکاتہ میں۔

س: کامکس کا مشہور کردار ''چاچا چودھری'' کس نے تخلیق کیا؟

ج: پران کمار شرما نے۔

س: نئی دہلی میں واقع ''جنتر منتر'' کس نے تعمیر کروایا؟

ج: مہاراجہ جے سنگھ دؤم نے۔

س: WWW کا فُل فارم بتائیں؟

ج: ورلڈ وائڈ ویب۔

س: صرف خواتین کے لیے بھارت کی اوّلین یونیورسٹی کون سی ہے؟

ج: شریمتی ناتھی بائی داموِدر ٹھاکرسی SNDT یونیورسٹی۔

س: بھارت کی اوّلین اوپن یونیورسٹی کون سی ہے؟

ج: ڈاکٹر بی آر امبیڈکر اوپن یونیورسٹی، تلنگانہ۔

س: نظام شمسی کا سرد ترین سیارہ کون سا ہے؟

ج: نیپچون۔

س: زیورِچ، جنیوا، بَرن اور لُسرن کس ملک کے مشہور شہر ہیں؟

ج: سویٹزرلینڈ کے۔

س: زمین کی پرت کی کیمیائی ساخت میں کون سی دھات سب سے زیادہ پائی جاتی ہے؟

ج: لوہا۔

س: کس شخصیت کو فلمی دنیا کا عظیم ترین مسخرہ (کامیڈین) مانا جاتا ہے؟

ج: چارلی چپلن کو۔

س: ساہتیہ اکادمی ایوارڈ حاصل کرنے والی اوّلین خاتون کا نام بتائیں؟

ج: امرتا پریتم۔

س: نوبیل پرائز دیئے جانے کا آغاز کب ہوا؟

ج: 1901ء میں۔

س: رمون ماگسیسے ایوارڈ حاصل کرنے والا اوّلین بھارتی کون تھا؟

ج: ونوبا بھاوے۔

س: سب سے پہلا دادا صاحب پھالکے ایوارڈ کسے دیا گیا؟

ج: دیویکا رانی کو۔

س: عام درجۂ حرارت پر کون سی دھات مائع حالت میں ہوتی ہے؟

ج: پارہ۔

س: دلیپ کمار کی پہلی فلم کون سی تھی؟

ج: جوار بھاٹا۔

س: نظامِ شمسی کا سب سے چمکدار سیارہ کون سا ہے؟

ج: زہرہ

س: آنکھ کے کس حصے کے ذریعے ہم مختلف رنگوں میں تمیز کر پاتے ہیں؟

ج: ریٹینا کے۔

س: ایڈز کی بیماری کا عالمی دن کب منایا جاتا ہے؟

ج: یکم دسمبر کو۔

س: مشہور انگریزی فلم "جیوراسِک پارک" کا ہدایت کار کون تھا؟

ج: اسٹیون اسپیلبرگ۔

س: سنسکرت زبان میں کہانیوں کی قدیم کتاب "پنچ رتن" کس کی تصنیف ہے؟

ج: وشنو شرما کی۔

س: مشہور کتاب "یوٹوپیا" UTOPIA کے مصنف کا نام بتائیں؟

ج: تھامس مور

س: بہائی مذہب کا بانی کون تھا؟

ج: بہاءاللہ۔

س: بھارت اور چین کے بیچ پہلی جنگ کا آغاز کب ہوا؟

ج: 20 اکتوبر 1962ء کو۔

س: مشہور مشروب تھمس اپ اب کوکا کولا کمپنی کا برانڈ ہے۔بتائیں اسے کس کمپنی نے متعارف کروایا تھا؟

ج: پارلے ایگرو کمپنی نے۔

س: مائکل جورڈن، کریم عبدالجبار اور میجک جانسن کس کھیل کے عظیم کھلاڑی مانے جاتے ہیں؟

ج: باسکٹ بال کے۔

س: ٹھنڈے کولا مشروبات میں کون سی ڈرگ استعمال کی جاتی ہے؟

ج: کیفین۔

س: بیجاپور کے حکمراں ابراہیم عادل شاہ کے کس درباری مورخ نے بھارت کی تاریخ لکھی تھی؟

ج: محمد قاسم فرشتہ نے۔

س: اٹلی کی حدود میں 11 فروری 1929ء کو کون سا ملک وجود میں آیا؟

ج: ویٹکن سٹی۔

س: زامبیا اور زمبابوے کی سرحدوں کے بیچ کون سا آبشار واقع ہے؟

ج: وکٹوریہ فالس۔

س: 1966ء میں مس ورلڈ کا خطاب حاصل کرنے والی اولین بھارتی خاتون کا نام بتائیں؟

ج: ریٹا فاریا۔

س: ڈائنامائٹ کس نے ایجاد کیا؟

ج: الفریڈ نوبیل نے۔

س: ریڈیم کس نے دریافت کیا؟

ج: میری کیوری اور پیئرے کیوری نے۔

س: جدید محفوظ ایلیویٹر (لفٹ) کس نے ایجاد کی؟

ج: ایلیشا اوٹس نے۔

س: انسانی جسم میں کتنی ہڈیاں ہوتی ہیں؟

ج: 206۔

س: پانی کس درجہ حرارت پر ابلنے لگتا ہے؟

ج: 100 ڈگری سیلسی ایس یا 212 ڈگری فہارینہائٹ پر۔

س: خلا میں فوت ہونے والا پہلا انسان کون تھا؟

ج: ولادیمیر ایم کوماروف۔

س: اتر پردیش کا کون سا شہر شری کرشن جی کی جائے پیدائش ہے؟

ج: متھرا۔

س: مشہور تھیم پارک ''ڈزنی لینڈ'' کہاں واقع ہے؟

ج: کیلیفورنیا (یو ایس اے) میں۔

س: ڈزنی لینڈ کس نے تعمیر کروایا؟

ج: والٹ ڈزنی نے۔

س: امریکہ کے اوّلین خلائی اسٹیشن کا نام کیا تھا؟

ج: اسکائی لیب۔

س: روس کے اوّلین خلائی اسٹیشن کا نام کیا تھا؟

ج: سالیوٹ 1۔

س: حواسِ خمسہ میں سے کون سے دو حواس عموماً پرندوں میں نہیں ہوتے؟

ج: چکھنے اور سونگھنے کے۔

س: مریخ کی سطح پر اترنے والے پہلے خلائی جہاز کا نام کیا تھا؟

ج: وائکنگ 1۔

س: سپریم کورٹ آف انڈیا کے جج کس عمر میں سبکدوش ہوتے ہیں؟

ج: 65 سال۔

س: مصر کے اہرام میں سب سے بڑا اہرام کون سا ہے؟

ج: گیزہ کا خوفو یا چیوپس

س: انسانی کھوپڑی میں کتنی ہڈیاں ہوتی ہیں؟

ج: 22۔

س: چاند بی بی کس ریاست کی ملکہ تھی؟

ج: احمد نگر کی۔

س: واسکوڈی گاما بھارت کے کس شہر کے قریبی ساحل پر لنگر انداز ہوا تھا؟

ج: کالی کٹ، کیرالا۔

س: راجیہ سبھا کا پہلا چیئرمین کون تھا؟

ج: ڈاکٹر ایس رادھا کرشنن۔

س: شاہجہاں کی بیوی ممتاز محل کا اصل نام کیا تھا؟

ج: ارجمند آرا بیگم۔

س: ترائن کی دوسری جنگ میں شہاب الدین غوری نے کس راجپوت راجہ کو شکست دی تھی؟

ج: پرتھوی راج چوہان کو۔

س: گوتم بدھ کہاں پیدا ہوئے؟

ج: لُمبینی میں۔

س: انٹارکٹیکا کی بلند ترین پہاڑی چوٹی کون سی ہے؟

ج: ماؤنٹ وِنسن ماسف۔

س: عمران، فریدی، حمید، جولیا، تھریسیا اور سنگ ہی اردو کے کس عظیم جاسوسی ناول نگار کے کردار ہیں؟

ج: ابن صفی کے۔

س: اوّلین چینی خلاباز کا نام بتائیں؟

ج: یانگ لیوی۔

س: محمد بن قاسم نے سندھ پر کب حملہ کیا؟

ج: 712ء میں۔

س: ایک صحت مند انسان ایک منٹ میں اوسطاً کتنی مرتبہ سانس لیتا ہے؟

ج: 12 سے 18 مرتبہ۔

س: آپ سرکہ کھاتے ہیں، بتائیں اس میں کون سا ایسڈ ہوتا ہے؟

ج: اسیٹک ایسڈ۔

س: ناسا کے مطابق سطح زمین سے کتنی دوری پر بیرونی خلا شروع ہوتا ہے؟

ج: تقریباً 600 کلومیٹر۔

س: چین کی سرحدیں کتنے ممالک سے ملتی ہیں؟

ج: 14 ممالک سے۔

س: دنیا میں سب سے زیادہ جھیلیں کس ملک میں ہیں؟

ج: کینیڈا میں۔

س: متحدہ عرب امارات 7 عرب اماراتوں پر مشتمل ملک ہے، ان امارات کے نام کیا ہیں؟

ج: ابوظہبی، عجمان، دبئی، فجیرہ، راس الخیمہ، شارجہ اور اُم القوین۔

س: یورپی افراد کی آمد سے قبل براعظم امریکہ میں جو مقامی نسل آباد تھی انھیں کیا کہتے ہیں؟

ج: ریڈ انڈین۔

س: پنجاب کا شہر لدھیانہ کس دریا کے کنارے آباد ہے؟

ج: دریائے ستلج کے۔

س: جھارکھنڈ کا دارالحکومت کیا ہے؟

ج: رانچی۔

س: نامور مصنف پبلو نرودا کس ملک کے باشندے تھے؟

ج: چلی کے۔

س: ایک مائکرون کتنے ملی میٹر کے مساوی ہوتا ہے؟

ج: 0.001 ملی میٹر۔

س: ہمارے سر کے ایک بال کی اوسط موٹائی کیا ہوتی ہے؟

ج: 100 مائکرون۔

س: نینی تال کس ریاست کا دارالحکومت ہے؟

ج: اُتراکھنڈ کا۔

س: بھارت کا کُل رقبہ کتنے کلو میٹر پر مشتمل ہے؟

ج: 3,287,590 کلو میٹر۔

س: بھارت میں سب سے پہلی اخباری کاغذ بنانے والی مل کہاں قائم ہوئی تھی؟

ج: نیپانگر (مدھیہ پردیش) میں۔

س: میک مہون لائن کن دو ممالک کے بیچ سرحد بناتی ہے؟

ج: بھارت اور چین۔

س: مہاراشٹر کے کس علاقے میں پینسلین کی فیکٹری ہے؟

ج: پمپری میں۔

س: زمین سورج کے گرد کتنے کلو میٹر فی سیکنڈ کی رفتار سے گردش کرتی ہے؟

ج: 29.78 کلو میٹر۔

س: زمین اپنے محور پر ایک گردش کتنے وقت میں مکمل کرتی ہے؟

ج: 23 گھنٹے 56 منٹ 4 سیکنڈ میں۔

س: ''اگنی وینا'' اور ''ید روہی'' بنگالی زبان کے کس مشہور انقلابی شاعر، ادیب اور موسیقار کی تصانیف ہیں؟

ج: قاضی نذرالاسلام کی۔

س: ادب کے شعبے میں بھارت کا سب سے بڑا ایوارڈ کون سا ہے؟

ج: گیان پیٹھ۔

س: سب سے پہلا گیان پیٹھ ایوارڈ ملیالم زبان کے کس ادیب کو دیا گیا؟

ج: جی سنکرا کروپ کو۔

س: خلا میں جانے والا اولین روسی خلا باز (کوسموناٹ) کون تھا؟

ج: یوری گاگارین۔

س: خلا میں جانے والا اولین امریکی خلا باز (ایسٹروناٹ) کون تھا؟

ج: ایلن بارٹلیٹ شیپرڈ۔

س: 1398ء میں امیر تیمور نے دہلی سلطنت کے کس حکمراں کو شکست دی تھی؟

ج: سلطان ناصر الدین محمود شاہ تغلق کو۔

س: بہادر شاہ ظفر سے پہلے سلطنت دہلی کا مغل حکمراں کون تھا؟

ج: اکبر شاہ دوّم۔

س: اورنگ زیب کے بعد سلطنت دہلی کا مغل حکمراں کون ہوا؟

ج: بہادر شاہ اوّل۔

س: اکبر اعظم کے کس درباری مورّخ نے کتاب ''منتخب التواریخ'' لکھی؟

ج: عبدالقادر بدایونی نے۔

س: عبدالقدر بدایونی نے مہابھارت کا فارسی ترجمہ کس نام سے کیا تھا؟

ج: رزم نامہ۔

س: لندن میں پیلیس آف ویسٹ منسٹر کے ایلزبیتھ ٹاور پر نصب مشہور گھڑی کا نام کیا ہے؟

ج: بِگ بین۔

س: عظیم فلسفی سقراط، ارسطو اور افلاطون کس ملک کے باشندے تھے؟

ج: یونان کے۔

س: فلم ''عالم آرا'' کے لیے نغمہ گانے والے بھارت کے اوّلین پلے بیک سنگر کا نام بتائیں؟

ج: ڈبلیو ایم خان۔

س: 1877ء میں قائم ہونے والی دنیا کی سب سے پہلی ٹیلی فون کمپنی کا نام بتائیں؟

ج: بیل ٹیلی فون کمپنی۔

س: سیماب اکبر آبادی نے اردو میں سب سے پہلے قرآن مجید کا مکمل منظوم ترجمہ کیا، اس کا نام بتائیں؟

ج: وحیِ منظوم۔

س: نہر سوئیز بحیرہ روم اور بحیرہ قلزم کو ملاتی ہے، بتائیں بحیرہ روم کے کنارے پر کون سا شہر واقع ہے؟

ج: پورٹ سعید۔

س: دستورِ ہند کے مطابق لوک سبھا تحلیل کرنے کا اختیار کسے حاصل ہے؟

ج: صدرِ جمہوریہ کو۔

س: عیسائیوں کی عبادت گاہ کو کیا کہتے ہیں؟

ج: چرچ (کلیسا، گرجا گھر)۔

س: تنخ، تالمود اور مِدرش کس مذہب کے ماننے والوں کی مقدس کتابیں ہیں؟

ج: یہودیوں (صیہونیوں) کی۔

س: عیسائیوں کا پہلا پوپ کون تھا؟

ج: سینٹ پیٹر (پیٹریس)۔

س: براعظم یورپ اور شمالی و جنوبی امریکہ کے درمیان کون سا سمندر حائل ہے؟

ج: بحرِ اوقیانوس ATLANTIC QCEAN۔

س: لندن شہر کس دریا کے کنارے آباد ہے؟

ج: دریائے ٹیمز کے۔

س: بھارت کی کس ریاست میں سب سے زیادہ زعفران پیدا ہوتی ہے؟

ج: جمّوں اور کشمیر میں۔

س: پنجاب کا کون سا شہر کھیل کا سامان بنانے کے لیے مشہور ہے؟

ج: جالندھر

س: کس ملک کو ''پلے گراؤنڈ آف یورپ'' کہا جاتا ہے؟

ج: سویٹزرلینڈ کو۔

س: برونیی دارالسلام دنیا کے امیر ترین ممالک میں سے ایک ہے، بتائیں اس کا دارالحکومت کیا ہے؟

ج: بندر سیری بیگاوان۔

س: اقوامِ متحدہ کی دفتری زبانیں کون سی ہیں؟

ج: عربک، چائینیز، انگلش، فرینچ، رشین، اسپینش۔

س: یونیسکو کے صدر دفاتر کہاں واقع ہیں؟

ج: پیرس (فرانس) میں۔

س: لوک سبھا کے اجلاس کی صدارت کون کرتا ہے؟

ج: اسپیکر۔

س: سکھ مذہب کے بانی گرونانک صاحب کب پیدا ہوئے؟

ج: 15 اپریل 1469ء کو۔

س: بھارت میں کس برطانوی گورنر جنرل کو حکومتِ برطانیہ نے سب سے پہلا وائسرائے نامزد کیا تھا؟

ج: چارلس کیننگ کو۔

س: بھارت میں ایسٹ انڈیا کمپنی کا پہلا گورنر جنرل کون تھا؟

ج: وارن ہیسٹنگز۔

س: دنیا میں سب سے زیادہ بولی جانے والی زبان کون سی ہے؟

ج: منڈارین (چینی)۔

س: اردو کس ریاست کی سرکاری زبان ہے؟

ج: جموں اور کشمیر کی۔

س: کارٹون کے مشہور کردار ڈونالڈ ڈک اور مکی ماؤس کس کی تخلیق ہیں؟

ج: والٹ ڈزنی کی۔

س: دکن میں بہمنی سلطنت کا بانی کون تھا؟

ج: علاءالدین بہمن شاہ۔

س: 1527ء تک بہمنی سلطنت کن پانچ حصوں میں تقسیم ہوگئی تھی؟

ج: بیدر، برار، احمد نگر، بیجاپور اور گولکنڈہ۔

س: الیکٹرک بلب کس نے ایجاد کیا؟

ج: تھامس الوا ایڈیسن نے۔

س: 24 گھنٹے میں کتنے منٹ ہوتے ہیں؟

ج: 1440 منٹ۔

س: پلاسٹک کس نے ایجاد کیا؟

ج: لیو ہینڈرک بیکلینڈ نے۔

س: ہماری ریڑھ کی ہڈی میں کتنے منکے ہوتے ہیں؟

ج: 33 منکے۔

س: مشہور مارشل آرٹ 'جوڈو' کس نے تخلیق کیا؟

ج: جگورو کانو نے۔

س: بھارتی فلموں سے وابستہ کس فنکار کو موسیقارِ اعظم کہا جاتا ہے؟

ج: نوشاد علی کو۔

س: اردو کی مقبول لغت "فرہنگ آصفیہ" کس نے مرتب کی؟

ج: سید احمد دہلوی نے۔

س: اردو میں سب سے پہلے غزل کہنے والے شاعر کا نام بتائیں؟

ج: امیر خسرو۔

س: NCERT کا فل فارم کیا ہے؟

ج: نیشنل کونسل آف ایجوکیشنل ریسرچ اینڈ ٹریننگ۔

س: دہلی کس دریا کے کنارے آباد ہے؟

ج: دریائے جمنا کے۔

س: ورڈ، پاور پوائنٹ، ایکسیل، ون نوٹ اور پبلشر کس کمپیوٹر سافٹ ویر سسٹم کے پروگرام ہیں؟

ج: مائکروسافٹ آفس کے۔

س: بھارت کی اوّلین خاتون ایڈوکیٹ کون تھی؟

ج: کورنیلیا سوراب جی۔

س: حضرت عیسیٰؑ کو مصلوب کیے جانے کے غم میں عیسائی ہر سال کون سا تہوار مناتے ہیں؟

ج: گڈ فرائیڈے۔

س: رام پور رضا لائبریری کس نے قائم کی؟

ج: نواب فیض اللہ خان نے۔

س: سابق دی یونین آف سوویٹ سوشلسٹ ریپبلک USSR کتنی جمہوریہ ریاستوں کا مشترک ملک تھا؟

ج: 14۔

س: تقریباً 40,000 طلبہ پر مشتمل دنیا کا سب سے بڑا اسکول کون سا ہے؟

ج: سِٹی مونٹیسری اسکول لکھنؤ (اُتر پردیش)۔

س: ہر سال ویلنٹائن ڈے کس تاریخ کو منایا جاتا ہے؟

ج: 14 فروری کو۔

س: ایٹم سے 3 قسم کی شعاعیں خارج ہوتی ہیں، ان کے نام کیا ہیں؟

ج: الفا، بیٹا، گاما۔

س: وہ کون سے دو اعضا ہیں جنھیں نکال دینے کے باوجود انسانی جسم کے افعال متاثر نہیں ہوتے؟

ج: ٹانسلس اور اپینڈکس۔

س: وہ کون سا پرندہ ہے جس کے پر نہیں ہوتے؟

ج: کیوی۔

س: AIDS کا فُل فارم کیا ہے؟

ج: ایکوائرڈ ایمیوُن ڈیفیسی اینسی سنڈروم۔

س: ورنداون گارڈنس سیاحوں کی پسندیدہ تفریح گاہ ہے، بتائیں یہ کہاں واقع ہے؟

ج: سری رنگا پٹن (کرناٹک) میں۔

س: جامعہ عثمانیہ (عثمانیہ یونی ورسٹی) حیدر آباد کس نے قائم کی؟

ج: نواب میر عثمان علی خاں آصف جاہ ہفتم نے۔

س: آیا صوفیہ عجائب گھر کہاں واقع ہے؟

ج: استنبول (ترکی) میں۔

س: مشہورِ زمانہ تصویر "مونالیزا" کس کی تخلیق ہے؟

ج: لیونارڈو ڈاونچی کی۔

س: علمِ معاشیات (اکنامکس) کا بانی کسے کہا جاتا ہے؟

ج: ایڈم اِسمتھ کو۔

س: یوم مہاراشٹر کس تاریخ کو منایا جاتا ہے؟

ج: یکم مئی کو۔

س: بینکوں سے وابستہ اصطلاح EMI کا فُل فارم بتائیں؟

ج: اِیکویٹیڈ منتھلی انسٹالمینٹس۔

س: آسکر ایوارڈ حاصل کرنے والے اوّلین بھارتی موسیقار کا نام بتائیں؟

ج: اے آر رحمان۔

س: ایک صحت مند انسان کے گُردے کا اوسط وزن کیا ہوتا ہے؟

ج: تقریباً 150 گرام

س: بھارت کا کون سا شہر چکن ایمبرائڈری کے لیے مشہور ہے؟

ج: لکھنؤ۔

س: 1907ء میں پلاسٹک کس نے ایجاد کیا؟

ج: لیو ہینڈرک بیک لینڈ نے۔

General Knowledge Champ QUIZ

HAMID IQBAL SIDDIQUI

کھیل کھیل میں تعلیم کے نظریے نے کوئیز مقابلوں کو ساری دنیا میں مقبول بنا دیا ہے۔ مسابقت کے اس دور میں کوئیز مقابلے صرف تفریح نہیں بلکہ حصولِ معلومات کا موثر ترین ذریعہ بھی ہیں انگریزی اور دیگر زبانوں میں کئی ادارے اور گروپ کوئیز پروگرام منعقد کرتے ہیں۔ ٹیلی ویژن کے چینلز کے بھی یہ مقبول ترین گیم شو مانے جاتے ہیں اور کوئیز کی تیاری میں معاون کتابوں کی بھی کمی نہیں لیکن بدقسمتی سے اردو میں جنرل نالج کوئیز کی معیاری کتابیں دستیاب نہیں ہیں۔

اردو میں جدید طرز کے جنرل نالج کوئیز مقابلوں کو رواج دینے کا سہرا حامد اقبال صدیقی کے سر جاتا ہے جنھوں نے گزشتہ بیس برسوں میں اپنے اختراعی مزاج سے اسے اردو کی سب سے بڑی تعلیمی تفریح بنا دیا۔ ممبئی اور مہاراشٹر کے دیگر اضلاع میں ان کوئیز مقابلوں کا سلسلہ نہ صرف اردو طلبہ میں بلکہ اردو عوام میں بھی بے حد پسند کیا جاتا ہے۔ ان مقابلوں کی تیاری کے لیے حامد اقبال صدیقی نے **عالمی معلومات کوئیز**، **اسلامی معلومات کوئیز**، **جنرل سائنس کوئیز** اور **جنرل نالج کوئیز** جیسی مفید کتابیں تحریر کیں۔ ان کتابوں کے کئی ایڈیشن شائع ہوئے۔

پیش ہے حامد اقبال صدیقی کی نئی کتاب

جنرل نالج چیمپ کوئیز

سابقہ کتابوں کی طرح اس میں بھی کوئیز کی تکنیک کو ملحوظ رکھتے ہوئے انتہائی عرق ریزی سے سوالاً جواباً دنیا بھر کی معلومات فراہم کی ہے جو نہ صرف کوئیز مقابلوں بلکہ بھی مسابقتی امتحانات کی تیاری کے لیے بھی یقیناً بے حد مفید ثابت ہوگی (ادارہ)

₹ 100/-